فیہ شفاء للناس

۷۸۶

۹۲

دواخانہ اسرار الشفاء کے معمولات صدری۔

اکسیری اور سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

المسمیٰ بہ

بیاضِ گُل

جس میں شائقین عظام کے اصرار پیہم نے اپنے کامیاب اور بیمثال مجربات۔ اپنے معتبر و معزز اصحاب کے مجرب تحفے اور خاص الخاص عملیات کو نہایت احتیاط سے درج کیا ہے

مؤلفہ


ماہر عملیات سند یافتہ طبیب حاذق حکیم گل حسین شاہ صاحب ساکن چھوکر کلاں ضلع گجرات

ملنے کا پتہ:۔

ناظم دواخانہ اسرار الشفاء چھوکر کلاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

قیمت فی جلد عہ روپیہ ایک [illegible]

ستارہ پریس وزیرآباد میں چھپا



دیباچہ

امابعد واضح ہو کہ جب میں نے ورنیکلر مڈل کا امتحان پاس کیا۔ اس وقت تک تو میں صرف عملیات (روحانی علاج) سے کام لیتا تھا۔ اور یہی مجھے شوق تھا اور اس فن میں کافی مہارت مجھے حاصل ہو چکی تھی۔ اس کے بعد طبی شوق مجھے کشاں کشاں مسیحِ وقت لقمان الملک حضرت مولٰنا مولوی شمس الدین صاحب چوکنانوالی ضلع گجرات کی خدمت اقدس میں لیگیا مرحوم میرے والد صاحب کے حقیقی دوست تھے۔ اور میں نے اُن سے طبی کتب کا استفادہ کیا۔ اس دوران میں وہ اپنے تمام تلامذہ سے مجھے زیادہ شفقت کرتے تھے۔ بندہ نے ذوقِ استحصال نسخہ جات میں باجازت موصوف کے بیاض کو نقل کیا۔ اُن کے مطب کے نسخہ جات اکثر میں ہی تیار کرتا تھا۔ اور جناب اکثر اُن کے استعمال کا فدوی کو حکم فرماتے

حاذق کرنے کے بعد جب میں نے اپنا باقاعدہ دواخانہ اسرار الشفا جاری کیا۔ سابقہ تحریر کردہ عملیات اور مجربات کو بلحاظ تبویب امراض ترتیب دیا۔ اور اُس میں آج تک اطبا کرام اور عاملین کاملین سے بھی جو کچھ ملتا رہا۔ اضافہ کرتا رہا۔ آج میں اس تمام مجموعہ سے عملیات اور نسخہ جات جو کہ ربع صدی میں میرے زیرِ تجربہ رہ کر مفید ثابت ہوئے۔ انتخاب کر کے مشتے نمونہ از خروارے بنام بیاضِ گُل تمام اربابِ ذوق کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

یقین جانئے کہ اس مجموعہ میں کوئی ایسا نسخہ نہیں۔ جو کہ تجربہ کی کسوٹی پر بارہا درست ثابت نہ ہو چکا ہو۔ کیونکہ ہم نے ان کی اشاعت میں ارادی یا غیر ارادی بخل سے کام نہیں لیا۔ اگر آپ سے تشخیص مرض یا اجزائے نسخہ اور وزن تیاری دوا میں لغزش نہ ہوئی۔ تو آپ کو انشاء اللہ تعالیٰ استیصال مرض پر قدرت حاصل ہوگی۔

نیاز مند:۔

خادم الطب والاطباء حکیم گل حسین شاہ
طبیب حاذق ساکن چھوکر کلاں ضلع گجرات

فہرست نسخہ جات بیاض

باب سر اور پٹھوں کی بیماریوں کے علاج میں

سفوف گل

ایسپرین تولہ - فنسیٹین تولہ - کیفین - بائٹراس چھ ماشہ - کشنیز خشک ڈیڑھ تولہ - دانہ کھانڈ تین تولہ - گیرو چار رتی سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف بنا دیں -

ترکیب استعمال :- ۲ ماشہ ہمراہ پانی استعمال کریں - اگر آرام نہ ہو - تو پندرہ منٹ کے بعد دوسری خوراک دے دیویں -

فوائد :- خواہ جس قسم کا درد سر ہو - پانچ منٹ میں آرام ہو جاتا ہے علاوہ ازیں جسم کے جس حصہ میں درد ہو عارضی طور پر دور کرتی ہے - نیز پسینہ لاتی - تپ توڑتی ہے -

نوٹ :- اگر مریض کو قبض ہو - تو کوئی قبض کشا دوا استعمال کریں - یا مندرجہ ذیل سفوف چار ماشہ صبح اور چار ماشہ وقتِ عصر اور چار ماشہ سونے کے وقت پانی سے پھکایا کریں -

ہلیلہ زنگی دو تولہ - پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ - پوست بلیلہ دو تولہ - آملہ خشک ۲ تولہ - مغز کشنیز خشک چار تولہ - مغز بادیان دو تولہ - روغن زرد سات تولہ دانہ کھانڈ آدھ سیر - روغن زرد کو آگ پر اتنا گرم کریں - کہ جھاگ سرخ ہو جائے - پھر باقی اشیا خشک پسی ہوئی معہ کھانڈ ڈال کر نیچے اتار کر ہلا کر رکھ لیں

فوائد :- یہ سفوف قبض اور درد سر کا نام نشان تک نہیں رہنے دیتا

اس کے علاوہ تمام امراض دماغ ۔ آنکھ ۔ کان ۔ ناک ۔ حلق سب کو مفید ہے ۔ اور ان امراض میں اس کا دینا نافع ہے ۔

اکسیر مُقوّیِ دماغ

خشخاس سفید تین ماشہ ۔ مغز بادام شیریں مقشر سات عدد ۔ دانہ الائچی خورد ایک ماشہ ۔ مصری ڈہائی تولہ ۔ مکھن مادہ گاؤ پانچ تولہ

پہلے ایک تولہ پانی میں پہلی تینوں چیزوں کو پیس کر جب بصورت حلوا ہو جائے تو مکھن اور مصری ملا کر ایک رتی اکسیر سفید ملا کر چمچہ سے کھالیں جب ایک ہفتہ گذر جائے وزن ادویات مذکورہ بالا کا دو گنا کر لیں اور اس سے زیادہ نہ بڑہاویں ۔

نسخہ اکسیر سفید یہ ہے ۔

طباشیر ایک ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ایک ماشہ ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ ۔ مرواریدایک ماشہ ایک گھنٹہ پیس کر رکھ چھوڑیں ۔

نوٹ :۔ جس شخص کو مروارید ڈالنے کی طاقت نہ ہو ۔ صدف کلاں لے کر ایک گھنٹہ پانی میں بھگو کر اندر کی طرف سے جس طرف سے وہ چمکا کرتا ہے ۔ چاقو سے اُس کی چمکیلی سطح کو چھیل کر ایک ماشہ ملا دیں ۔

اکسیر لقوہ

سم الفار سفید ۔ ہڑتال ورقی ۔ سیماب ۔ گندہک آملہ سار ۔ شنگرف ہر ایک تولہ تولہ ۔ کشتہ نصف سیر ۔

کشتہ کو دو سیر پانی ڈال کر جوش دیں ۔ جب آدھ سیر رہ جائے

مل چھان کر اس پانی سے پانچوں ادویہ کو کھرل کرتے رہیں۔ جب سب پانی ختم ہو کر دوا غلیظ القوام ہو جائے۔ پسیہ ڈھوا صاف شدہ کا برادہ ایک تولہ اس میں ملا دیں۔ اور ایک کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے پندرہ سیر اُپلوں کی آگ ہوا سے محفوظ جگہ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کھرل کر لیں اور اس میں چھ ماشہ کوکین ملا کر دوبارہ کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ فالج۔ لقوہ۔ پرسوت زنان۔ ہر قسم اعصابی امراض کو دور کرتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چاول شام کے وقت منقیٰ میں رکھ کر پانی کے ساتھ نگل لیں۔ دن میں صرف ایک وقت ہی استعمال کریں۔ مریض کو بند مکان میں رکھیں۔ سرد ہوا سے پرہیز۔

غذا:۔ شوربا کبوتر یا مرغ اور چپاتی۔

نوٹ:۔ اس دوا کا کورس ایک ہفتہ ہے اور مریض کو صحت ہو جاتی ہے

تریاق درد عصابہ

اسطوخودوس چھ ماشہ۔ کشنیز خشک چار ماشہ۔ مرچ سیاہ چھ عدد یہ ایک پڑیہ کا وزن ہے۔ ایسی تین پڑیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ رات کو سوتے وقت کونڈی ڈنڈا دھو کر صاف کر کے اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ جب صبح کو طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ پہلے جاگ آ جائے یا جس وقت اپنے درد کے شروع ہونے کا حال معلوم ہو۔ تو آدھ پاؤ تازہ پانی میں ایک پڑیا ڈال کر گھوٹ چھان لیں۔ اور اس پانی کے ہمراہ سفوف نگل کھالیں۔ یہی عمل تین دن تک کریں۔

فوائد :- درد عصابہ کو دور کرنے میں لاثانی ہے۔

اکسیر قرانبطس معہ قبض

سنا نو ماشہ - املی تین تولہ - ترنجبین پانچ تولہ - آلو بخارا آٹھ عدد ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو دیں۔

ایک گھنٹہ کے بعد گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے مریض کو تین چار بار پلائیں۔ بخار کو تخفیف میں لانا اور قبض کشائی کرتا ہے۔

حبوب نزلہ و زکام

طباشیر ۶ ماشہ - زعفران ۶ ماشہ - الائچی خورد ۶ ماشہ - کشنیز ۶ ماشہ - ملٹھی ۶ ماشہ - جلوتری ۶ ماشہ - جائفل ۶ ماشہ - دارچینی ۶ ماشہ - جدوار ۶ ماشہ افیون ایک تولہ -

سب ادویات کو باریک پیس کر افیون کو عرق پان میں حل کر کے گولیاں بمقدار نخود بنالیں -

فوائد :- نزلہ - زکام - کھانسی کو پہلی خوراک ہی فائدہ دیتی ہے۔ اور ہر قسم کے تریاقات نزلہ سے مستغنی کر دیتی ہے۔

لعوق شمعون

(خاندانی حکیم سید محمد وصی شاہ صاحب حکیم کامل۔ بگا بلڈنگ۔ وزیرآباد)

پوست ڈوڈا دس تولہ۔ املتاس بیس تولہ۔ بنفشہ دس تولہ۔ خشخاش دس تولہ۔ مغز بادام دس تولہ۔ ملٹھی دس تولہ۔ مغز چلغوزہ دس تولہ۔

ترکیب ساخت:۔ پہلی تینوں ادویات کو پہلے جوش کرکے عرق نکال لو۔ پھر اس عرق میں بقایا ادویات پیس کر ڈیڑھ سیر دانہ کھانڈ ڈال کر قوام پکا لو۔ جس وقت اتارنا ہو۔ نیچے اتار کر دو تولہ گوند کتیرا باریک کرکے ملا دو۔

ترکیب استعمال:۔ چھ ماشہ صبح۔ چھ ماشہ شام

فوائد:۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی کو نافع ہے۔ علاوہ ازیں مقوی دماغ اور قبض کشا بھی ہے۔ قاطع بلغم ہونے کی وجہ سے دمہ کو فائدہ دیتا ہے:

سفوف کچلہ

کچلہ حسب ضرورت لیکر روغن زرد میں بریاں کریں۔ جب سرخی مائل ہو جائے۔ تو فوراً اتار کر گرم گرم ہی کوٹ لیں۔ جب باریک سفوف تیار ہو جائے۔ تو اس میں ڈھائی تولہ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ سنڈھ۔ دارچینی سہاگہ۔ ہر ایک تولہ تولہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملائیں اور پھر سنبھال رکھیں بس سفوف کچلہ تیار ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ نزلہ و زکام اور کھانسی کے لیے بقدر ایک رتی منقیٰ میں لپیٹ کر کھلائیں۔ چند خوراک میں بالکل آرام ہو جائیگا۔ عرق النساء۔ وجع المفاصل۔ دردِ کمر کے لیے پہلے جلاب دیکر کھلائیں

پھر یہ دوا بقدر ایک رتی بتاشہ میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے گرم پانی میں شہد ملا کر پلائیں۔

ضعف ہضم۔ قبض دائمی۔ بھوک نہ لگنا۔ ایک رتی کھانڈ کے درمیان رکھ کر کھلائیں۔ اور اوپر سے عرق سونف یا عرق پودینہ یا عرق اجوائن نیم گرم کر کے پلائیں۔

ذات الجنب اور بلغمی بیماریوں کے لیئے ایک رتی جوشاندہ سونف یا مناسب بدرقہ جات سے دیں۔

تپ بخار میں بخار ہونے سے پیشتر گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے کھانڈ کے درمیان رکھ کر کھلائیں اور اُوپر سے دودھ پلائیں۔ نیز اُس روز مریض کو فاقہ کرائیں انشاء اللہ دورہ اول تو پہلی ہی مرتبہ ورنہ دوسری بار ضرور روک دیگی

نوٹ:۔ ہر سرد۔ بلغمی اور ریاحی بیماری میں مناسب بدرقہ سے استعمال کریں

حب کامیاب

جائفل۔ عقر قرحا۔ زنجبیل۔ کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ فلفل دراز۔ قرنفل۔ بچھناک مدبر۔ شنگرف مدبر ہر ایک دو تولہ۔

سب کو الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف بنادیں اور آب ادرک میں دو روز کھرل کر کے بقدر مرچ سیاہ گولیاں بنادیں۔ اور بعد خشک ہونے کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ دو سے چار گولی تک بقدر برداشت مزاج آب ادرک یا عرق گاؤزبان یا ماء العسل سے دونوں وقت کھلادیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کی بلغمی ریاحی اور عصبانی امراض کو دور کرنے میں بے مثل ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ استرخا۔ رعشہ۔ تشنج۔ تمدد۔ کزاز کو نافع ہیں

نیز وجع المفاصل۔ نقرس۔ عرق النساء درد کمر کا قلع قمع کرنے میں بے نظیر ہیں
غذا:۔ مرغن اور عمدہ۔

پرہیز:۔ ترش بادی اور سرد اشیاء سے۔

ترکیب بچھناک مدبر:۔ بچھناک کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے ایک باریک ململ کی پوٹلی میں باندھیں۔ اور کسی بڑے برتن میں دس بارہ سیر تختہ دودھ گاؤ ڈال کر اس طریق سے پکائیں۔ کہ پوٹلی برتن میں نہ لگے۔ بلکہ دودھ میں لٹکی رہے۔ جب دودھ گاڑھا ہونے لگے۔ تو پوٹلی نکال کر بچھناک کو خوب دھوئیں اور خشک کرکے کام میں لائیں۔ اور دودھ کو دفن کر دیں کہ زہر ہے۔

عملیات امراض سر

یعنی سر کی بیماریوں کا روحانی علاج

درد سر:۔ (۱) یہ تعویذ لکھ کر پیشانی پہ باندھے اور لکھتے وقت سانس بند رکھے۔ انشاء اللہ تین یوم میں صحت کامل پاوے۔ مجرب ہے۔

۷۸۶ لا یصدعون عنها ولا هم ینزفون
وبالحق انزلناه وبالحق نزل بحق یابدوح وله ما
سکن فی الیل والنهار وهو السمیع العلیم

(۲) کاغذ پر لکھ کر سر پہ باندھے۔ نہایت آزمودہ ہے

۷۸۶



(۳) یا غفور کے حرف کو پانی میں گھول کر خصوصًا درد سر کے مریض کو پلایا جاوے - شفا پائے - بخار لرزہ کے لئے روٹی پر لکھ کر یہ اسم کھلانا مفید ہے

(۴) المجیب - تین بار پڑھ کر درد سروالے پر دم کرے - یاد رہے - کہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے - تین یوم میں شفا پاوے -

(۵) جب تیرے پاس کوئی درد سر یا درد دانت والا آئے - یا اُسے صداع ستاتی ہو - تو ایک تختی یا پٹڑی پاک لے کر اُس پر پاک ریت پھیلا کر ایک کیل سے (ابجد - ہوز حطی) لکھ اور کیل کو حرف الف پر رکھ کر زور سے داب - اور ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھ - اس اثنا میں مریض زور سے اپنی اُنگلی مقام درد پر رکھے - اور پھر اُس سے پُوچھ کہ تجھ کو آرام آگیا - اگر آرام ہوگیا تو فہو المراد نہیں تو کیل دوسرے حرف یعنی بے کی طرف نقل کرے اور دو بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر پوچھے - اگر آرام نہ ہو - تو کیل جیم کی طرف نقل کرے اور تین بار سورۃ فاتحہ پڑھے - اور اسی طرح ہر حرف پر کیل سے دابتا جائے اور سورۃ فاتحہ ہر بار زیادہ کرتا جاوے - آخر حرف تک نہ پہنچے گا - کہ آرام کلی ہو جائیگا - انشاء اللہ ؁

شقیقہ :- یعنی آدھے سر کا درد -

(۶) آدھا سیسی کے لئے مولوی فضل احمد ساکن بھیروال کا معمول ہے - لکھ کر سر پر باندھے خدا چاہے شفا حاصل ہو -

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ے ے ے ے ے ے ے ے ے ے

الو الو الو الو الو الو الو الو الو الو

ال ال ال ال ال ال ال ال ال ال

ط ط ط ط ط ط ط ط ط ط

ہر چہ کند خدا تعالیٰ کند بندہ عاجز چہ کند -

(۷) درد سر اور بالخصوص شقیقہ کے لیئے مفید ہے سر میں باندھے۔

۷۸۶

لولوس		ا اح
یابدوح	یابدوح	یابدوح

نسیان کے بیان میں

(۸) مریض سورۃ مدثر کی بکثرت تلاوت کیا کرے۔ اگر پہلی رکعت میں بوقت صبح سورۃ الحمد ملا کر روزانہ پڑھے تو بہت جلد نفع ظاہر ہو۔

(۹) ذاکر روزانہ سو دفعہ بوقت شام بعد نماز پڑھنے والے کا مرض نسیان دور ہو جاتا ہے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے خاتمہ پر دعا مانگے۔

مالیخولیا کے بیان میں

۷۸۶

۹۹	۱۰۲	۱۰۵	۹۲
۱۰۴	۹۳	۹۸	۱۰۳
۹۴	۱۰۷	۱۰۰	۹۷
۱۰۱	۹۶	۹۵	۱۰۶

(۱۰) جو کوئی اس نقش کو بکری کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھیگا۔ مالیخولیا اور جنون سے بچا رہے گا۔ مجرب ہے۔

عشق شہوانی کے بیان میں

(۱۱) لوہے کو پانی میں بجھا کر پلا دیں۔ اس طرح کہ آگ میں لوہے کو سرخ کر کے جب پانی میں بجھانے لگیں۔ تو تین بار یہ کہیں جس طرح یہ لوہا ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اسی طرح فلاں کا دل فلاں کی محبت

سے سرد ہو جائے۔ پھر اُس پانی سے عاشق کا منہ دھوئیں۔ سینے پر چھڑکیں
نیز تھوڑا سا پانی پلا دیا کریں۔ یہ عمل تین روز کریں۔
(۱۲) (ماخوذ از دارالشفا)

واو اجو لفظ ہے لکھ پلا تعوید	تے ہفتہ نوں ایہہ ویکھیگی جان تمیز
آیت الکرسی اس نوں پڑھ کے دم کرا	لا یلف پڑھ کے اسنوں کھانا دیہہ کھوا
دارو ایہو ایسا کر توں آن ضرور	اللہ فضل کریسیا زحمت ہوسی دور

جنون کے بیان میں

(۱۳) جو شخص حروف "الجان" کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ مضرت جن۔ علت صرع
جنون۔ ترسیدن خواب۔ اضطراب قلب دور ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دلة ل صں ضں قف کغ سم و دو

فلاں علت دور شود باذن اللہ

صرع یعنی مرگی کے بیان میں

(۱۴) حضرت غوث پاک کے سامنے جب کسی مصروع کو لاتے۔ تو آپ اُس
کے داہنے کان میں ایک بار الحمد پڑھتے تھے۔ اور بائیں کان میں بآواز بلند
یہ اپنی تصنیف کی دو بیتیں پڑھتے۔

روحی و القلب تجبیکم فی القدم	من قبل وجوہ خلقھما من عدم
صل تحمد من بعد اعرفانکم	ان انقل عن طرق ھواکم قدم

پھر داہنے کان میں کہتے تھے۔ (اے شیخ عبدالقادر) اور بائیں کان

میں کہتے تھے (جیلانی میگوید ترا بروسوز) اسی طرح تین باریوں کہتے تھے اور دونوں شعر لکھ کر اُس کے گلے میں لٹکاتے تھے۔ اور اُس میں لکھتے تھے کہ شیخ عبدالقادر میگوید ترا برو وعود مکن۔ اگر عود کردی ماے سوزیم ترا۔

(۱۵) سورۃ سجدہ کو لکھ کر مصروع کے گلے میں ڈالے۔ صرع کافور ہو

(۱۶) اس عمل کو لکھ کر مریض کے دائیں ہاتھ میں باندھے بحکم خدا و طفیل مصطفےٰ مریض صحت پاوے۔

۱۸ اعہ عہ ماہ ماہ مح مح ماہ ماہ مح مح

فلاں بن فلاں از مرض صرع شفا یابد

(۱۷) اس نقش کو خون مرغ سفید یا مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔



(۱۸) نیل سے اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اثوثا ثوثا سعیا ہما بدوس قدوس انہٗ
علمسون بحرمت محمد و آلہ اجمعین

(۱۹) ان حرفوں کو لکھ کر پیشانی مصروع پر باندھے۔

۷۸۶ کہیعص بحق حم حم حم حم حم عسق ایاک نعبد و ایاک نستعین
صرع فلاں بن فلاں دور شود

---*---

لقوہ کے بیان میں

(۲۰) سورۃ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ کو کسی جلد دار آئینہ پر مشک اور زعفران سے لکھ کر مریض کو اندھیرے مکان میں چند بار وہ آئینہ دکھائے شفا ہو گی۔ بعون اللہ تعالیٰ۔ یا سورۃ مذکور کو لوہے کے طشت پر لکھ کر مریض اس پر نظر رکھے اور دیکھتا رہے۔ ایک ہفتہ میں شفا پائے۔

خدر کے بیان میں

(۲۱) انوار آفتاب صداقت میں ہے۔ جب کسی کا پاؤں سو جائے۔ تو چاہیئے کہ وہ پکارے یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو اس کے پاؤں کا سونا جاتا رہے گا۔ یہ مرض خدر کا مجرب نسخہ ہے۔

زکام کے بیان میں

(۲۲) چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ علاوہ زکام کے درد شکم اور درد کمر کو بھی نافع ہے۔



(۲۳) یہ آیت کاغذ پر لکھ کر سرکہ سے دہوئے۔ بعد اس کے غرغرہ کرکے منہ کا پانی طشت میں ڈالے۔ اور اُس پانی کو دریا میں ڈالدے
۷۸۶ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَ اَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ یاشافی

سبات یعنی زیادہ سونیکے بیان میں

(۲۴) افحسب الذین سے اخیر سورۃ کہف تک پڑھے۔ جس وقت بیدار ہونیکی نیت کریگا۔ اُسی وقت بیدار ہوگا۔ اگر لکھ کر ایک ماہ تک پیئے اور بطور تعویذ گلے میں رکھے۔ تو مرض دور ہوگا۔

سہر یعنی زیادہ جاگنے کے بیانمیں

(۲۵) گدھے کے دانت اور بکری کے سینگ جس کے سرہانے رکھے جایئں خواہ بچہ ہو یا جوان یا بڈھا۔ فوراً نیند آجائے۔

باب امراض العین

آنکھ کی بیماریوں کے علاج میں

سرمہ سفید

بورک ایسڈ دس تولہ۔ زنک سلفاس ایک تولہ۔ کیلو مل چھ ماشہ۔ کافور بھیم سینی چھ ماشہ۔ سب کو یک جان کرکے محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ جملہ امراض چشم کو مفید ہے۔

طریق استعمال:۔ رات کو سوتے وقت تین تین سلائی ڈالیں یا عند الضرورۃ

سرمہ بے نظیر

سرمہ سیاہ دس تولہ۔ تمباکو (جو پان میں کھایا جاتا ہے)۔ شورہ قلمی۔ سہاگہ بریان پھٹکڑی بریاں۔ مرچ چینی ہر ایک ایک تولہ عرق سونف دس تولہ

پہلے سرمہ سیاہ کو عرق سونف میں کھرل کریں۔ جب سرمہ خشک ہو جائے تو باقی دوائیں باریک شدہ ملا کر دوبارہ دو گھنٹہ تک خوب کھرل کرکے کپڑ چھان کر لیں۔ اور ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد:۔ آنکھوں کی تمام امراض مثلاً خارش۔ دھند۔ پھولا۔ پانی بہنا رتوندا۔ آشوب چشم۔ جالا۔ کمی بصارت کو دور کرنے کے علاوہ عینک کو چھوڑا دیتا ہے۔ ابتدائی موتیا بند کو دور کرتا ہے۔

دوائی سیاہ

مازو۔ کوکنار ہر ایک ایک تولہ۔ پوست انار۔ رسونت۔ املی۔ پھٹکڑی
پوست ہلیلہ زرد ہر ایک دو تولہ
سب کو کوٹ کر آٹھ پہر تک ایک پاؤ پانی میں تر کریں۔ پھر مل چھان کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے افیون۔ زعفران ہر ایک چھ ماشہ باریک کر کے ڈال دیں۔ اور نرم آگ پر رکھیں۔ اور ہلاتے رہیں حتیٰ کہ گاڑھا سا لیپ بن جاوے۔ بس تیار ہے۔

کسی چینی کی ڈبیہ میں ڈال کر گرد و غبار سے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ سلائی سے آنکھ میں ڈالیں۔

فوائد:۔ پھولا۔ جالا۔ شقیقۃ العین۔ عصابہ۔ ظفرہ۔ رمد ہر قسم کے لیے معمول ہے۔ درد کو تسکین دیتی ہے۔

رفیق بصارت

ایک بیٹر نخنہ چھاچھ مادہ گاؤ گاڑھی بیکر ظرف گلی آب نار سبدہ میں ڈال کر منہ برتن کا مضبوطی سے بند کر کے زمین میں چالیس دن دفن کر دیں۔ اس کے بعد نکال کر سرمہ سفید ایک تولہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ۔ افیون خالص چھ ماشہ اور جو کچھ ظرف مذکور سے برآمد ہو ان کے ہمراہ شامل کر کے کانسی کے کٹورہ میں ڈال کر درخت کریر کے ڈنڈے سے جس کے سرے پر ڈھوپیہ چسپاں کیا گیا ہو اس حد تک کھرل کریں کہ قابل استعمال ہو جائے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ رات کو سوتے وقت تین تین سلائی لگایا کریں۔

فوائد:۔ دھند۔ جالا پھولا۔ اندھراتا۔ ضعف بصارت کیلئے از حد مفید ہے۔

پرہیز:۔ ترش اشیاء کے استعمال سے۔

محافظ البصر

سرمہ سیاہ۔ بورک ایسڈ۔ زنک او کسائڈ۔ سکہ۔ پارہ مصفےٰ۔ مشک کافور
۱ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۳ ماشہ

پیپرمنٹ (ست پودینہ) ایک ماشہ

پہلے سکہ کو پگھلا کر پارہ شامل کرکے سحق بلیغ کریں۔ پھر باقی ادویہ کو پیس کر شامل کریں۔ اور مانند غبار باریک ہو جانے پر مشک کافور اور ست پودینہ ملا کر اچھی طرح سے کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ رات کو سوتے وقت دو دو سلائیاں اور صبح کو بھی دو دو سلائیاں لگایا کریں۔

فوائد:۔ آنکھوں کی جملہ امراض۔ ضعف بصر۔ دھند۔ غبار۔ جالا۔ سرخی۔ ڈھلکہ وغیرہ کے لئے معجز نما اکسیر صفت اور مجرب المجرب تحفہ ہے۔ جو بصارت کا محافظ اور عینک کی عادت چھڑانے میں بھی لاجواب ہے۔

سرمہ اکسیر چشم

سرمہ سیاہ پانچ تولہ۔ بورک ایسڈ ڈھائی تولہ۔ پھول جست ڈھائی تولہ پھٹکڑی بریاں ڈھائی تولہ۔ کافور چھ ماشہ۔ ست پودینہ نصف ماشہ سرمہ بنا کر لگا دیں

فوائد:۔ جملہ امراض چشم میں از بس مفید ہے۔ عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے۔ حسب دستور استعمال کریں:۔

عینک توڑ

سرمہ سیاہ ڈلی پانچ تولہ۔ ترپھلہ ڈیڑھ چھٹانک۔ بیج وسمہ ایک تولہ آب برگ سرس ایک پاؤ۔ پتہ بکرا دیسی ایک عدد۔

ترپھلہ کے پانی میں سرمہ گرم کرکے سات دفعہ مدبر کریں۔ پھر اُس سرمہ کو پتہ بکرا بمعہ آب میں بند کر دیں۔ ایک رات میں پانی خشک ہوجائیگا۔ پھر نکال کر آب برگ سرس میں سرمہ کو کھرل کریں اور تھوڑا تھوڑا پانی ڈالیں بیج وسمہ کو پہلے کھرل کر کے رکھا گیا ہو۔ اب تمام اشیا کو ملا کر دو دن کھرل کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال مطابق مذکورہ بالا۔

سرمہ عجائب

(از عالیجناب حکیم فضل النبیؐ سوک کلاں تحصیل و ضلع گجرات)

سرمہ سیاہ یا سفید ایک تولہ کو آگ میں گرم کرکے آب ترپھلہ میں سات دفعہ بجھاویں۔ پھر سات سات دفعہ رس بھیرٹ اور عرق گلاب میں بطریق مذکور۔ بعدہٗ کھرل کریں۔

دانہ الائچی خورد۔ جوہر کافور بھیم سینی۔ پیپل منٹ ولایتی۔ مرد چینی۔
۱ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ

ملا کر کھرل کریں۔

فوائد:۔ دھند۔ جالا۔ سرخی۔ جرب۔ کمی بصارت کو نہایت فائدہ دیتا ہے

ترکیب استعمال:۔ رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی اکتالیس یوم تک ایک ایک دن چھوڑ کر استعمال کریں

نوٹ:۔ مرد چینی کو کپڑ چھان کرکے ملانا ضروری ہے۔

سرمہ بیاض چشم

برادہ جست۔ برادہ تانبہ۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ آب لیموں پانچ تولہ۔
ترکیب ساخت:۔ برادہ تانبہ اور جست کو کانسی کے کٹورہ میں ڈال کر اس پر آب لیموں ڈال دیں۔ اور کٹورہ کا منہ ڈھانپ کر حفاظت سے رکھ چھوڑیں۔ جب آب لیموں نصف خشک ہو جائے۔ تو اسی کٹورہ میں کانسی کے دستہ سے دو تین دن تک خوب کھرل کریں۔ تاکہ باریک ہو کر خشک ہو جائے۔

ترکیب استعمال:۔ حسب دستور سلائی سے استعمال کریں۔

فوائد:۔ پھولا کو ایک ہفتہ میں شرطیہ دور کرتا ہے۔ جالا اور پڑبال کو بھی نافع ہے۔

نوٹ:۔ غذا مرغن کھاویں۔ دودھ گھی بکثرت استعمال کریں۔ گرم خشک اور ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

امراض العین وجفن وہدب

یعنی آنکھ پلکوں پپوٹوں کی بیماریوں کا روحانی علاج

رمد چشم یعنی آنکھ دکھنے کے بیان میں

۲۶- بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ درد چشم کے لئے پندرہ مرتبہ پڑھ کر صبح وشام تین یوم تک دم کرے۔

۲۷- فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ فی الفور صحت ہوگی۔ دوسرے ہر قسم کے دردوں کے لئے بھی یہ عمل شافی ہے۔

۲۸- اس منتر کو تین بار پڑھ کر مریض سے پوچھیں۔ کہ درد گیا۔ اور وہ کہے گیا اسی طرح تین بار کریں۔ انشاء اللہ درد رفع ہوگا۔

کالی کتی پگی کتی نہ آوے فلانی کی آنکھ نہ بجھے بیتی ہماری بھگت گرو کی سگت پھورے منتر البشور مہا ناد یو کے باچہ پھرے ؞

ظفرہ یعنی ناخنہ چشم کے بیان میں

۲۹- سورۃ وَیْلٌ لِّکُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ پانی پر دم کرکے اگر اس پانی میں سرمہ حل کرکے آنکھوں میں لگا دے تو ناخنہ کے مرض سے شفا ہوگی۔ انشاء اللہ

غشا یعنی اندھراتا کے بیان میں

۳۰- پوری آیت فَکَشَفْنَا عَنْکَ الخ بکری کے کلیجہ پر گیارہ دفعہ دم کرکے اس کو بریان کریں۔ اور سلائی سے اس کا پانی آنکھ میں لگاویں۔

شقیقہ چشم یعنی سبلاق چشم کے بیان میں

۳۱- مندرجۂ ذیل اسماء مبارک لکھ کر کھال میں تعویذ بنا کر ماتھے پر باندھے شقیقہ چشم سے نجات پائے۔

یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل فلاں بن فلاں از درد شفا یابد

نزول الماء یعنی موتیا بند کے بیان میں

۳۲- پہلی رات کو چاند دیکھے۔ تو سورۂ فاتحہ دس مرتبہ اور قل ہو اللہ تین مرتبہ پڑھے۔ پھر کہے شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور اپنا بایاں ہاتھ آنکھ پر پھیرتا رہے۔

ضعف بصر یعنی کمزوری نگاہ کے بیان میں

۳۳- الظاھر بعد نماز اشراق پانچ سو بار پڑھے۔ بصارت اور بصیرت تیز ہو گی۔

۳۴- مکین روزانہ دس مرتبہ پڑھنے سے بصارت تیز ہو جاتی ہے۔

۳۵- سورۂ قدر روزانہ اکیس بار پڑھنا مقوی بصر ہے۔

۳۶- سورۂ النباء ہر روز بعد نماز ایک دفعہ پڑھنا آنکھوں کی بصارت کے لئے نافع ہے۔

۳۷- البصیر۔ اگر بعد نماز فریضہ ہر روز اکسٹھ بار پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے ضعف بصارت دور ہو گا۔

۳۸- الشکور۔ اس اسم شریف کو ہر روز بلاناغہ اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے نوش کرے یا لعاب دہن سے آنکھوں پہ ملے روشنی برقرار ہو جائے۔

شعیرہ۔ یعنی گوہانجنی کے بیان میں

۳۹۔ یہ منتر شعیرہ۔ زہرباد۔ کچھرالی۔ چنڈری۔ سگ گزیدہ۔ مارگزیدہ کے لئے اول و آخر درود شریف تین بار اور یہ منتر گیارہ بار پڑھ کر دم کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دہرو ہذا خدائی دا دہرو ہذا محمد رسول اللہ دا ہدہ دہ محمد رسول اللہ عربی دا۔

باب امراض الاذن

کان کی بیماریوں کے علاج میں

کانول

کمیلہ چھ ماشہ۔ بورک ایسڈ چھ ماشہ۔ آنزروت چھ ماشہ۔ گلیسرین پانچ تولہ۔ سب کو کھرل کرکے شیشی میں ڈال لیں۔

ترکیب استعمال:۔ کان کو پہلے ہائیڈروجن پراوکسائیڈ سے صاف کرکے صبح و شام دو وقت بتی لپیٹ کر کان میں رکھیں۔

فوائد:۔ کان کا زخم۔ ورم۔ کان بہنا۔ درد اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتے ہیں۔ سالوں کا بہتا ہوا کان اور پرانا زخم جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو۔ اس کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

دوائے مجوب

روغن کنجد دس تولہ۔ انزروت ڈیڑھ تولہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ فلفل احمر چار عدد۔ زاج سفید ایک تولہ۔

کسی سلور کے برتن میں تیل ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب نہایت گرم ہو جائے تو دوسری اشیا بالترتیب اُس میں ڈالتے جائیں۔ جب تمام اشیا جل جائیں تو اتار کر تیل کو چھان لیں۔ اور ثفل پھینک دیں۔

ترکیب استعمال:۔ چمچہ کو گرم کر کے دو تین قطرے ڈال کر کان میں ڈالیں۔ صبح و شام

فوائد:۔ کان بہنا۔ اور کان کا درد خواہ بیس سال سے کیوں نہ ہو۔ آرام ہو جاتا ہے۔

نوٹ!:۔ تیل کا وزن تیار ہونے کے بعد ۷ تولہ رہ جاتا ہے۔

امراض الاذن یعنی کان کی بیماریوں کا روحانی علاج

وجع الاذن یعنی درد کان کے بیان میں

۴۰۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے اور دم کرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَا کَانَ لَمْ یَجِدْ وَجَعَ الضِّرْسِ وَالْاُذُنِ۔

۴۱۔ وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ تا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِیْنَ

پاک برتن پر لکھ کر روغن چنبیلی سے دھو کر کان میں ڈالے کان میں ڈالنے سے قبل گرم کر لے۔ درد گوش اطفال میں مجرب ہے۔

۴۲۔ درد کان کے لیئے یہ آیت شریف لکھ کر کان میں رکھے جلدی شفا ہو گی۔

۴۲۔ کان لم یسمعہا کان فی اذنیہ وقرا ۃ فبشرہ بعذاب الیم و بالحق انزلناہ و بالحق نزل۔

صمم یعنی بہرا پن کے بیان میں

۴۳۔ اگر کوئی بہرا السمیع سہ شنبہ کے روز لکھ کر روغن گل سے دھو کر کان میں ڈالے بہرا پن اس کا جاتا رہے گا۔

طنین و دوی یعنی کان بولنے کے بیان میں

۴۴۔ جب کان بولے تو صلی اللہ علی حبیبہ محمد و آلہ وسلم ذکر اللہ خیرا من ذکرنی بکثرت پڑھے۔ تو شفا پاوے۔ مجرب ہے۔

باب ناک کی بیماریوں کے علاج میں

نکسیر پھوٹنا

جب نکسیر پھوٹے تو سر اور پیشانی پر ٹھنڈا پانی بہائیں۔ اور کافور ایک رتی آب کشنیز میں حل کر کے ناک میں دو تین قطرے ٹپکائیں۔

سونگھنے کی قوت جاتے رہنے کا علاج

کلونجی ۳ ماشہ۔ خردل ۳ ماشہ۔ تخم حنظل ۳ ماشہ۔ پودینہ خشک ۳ ماشہ مرزنجوش ۳ ماشہ۔ تخم کرفس ۳ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ۔ پانچ تولہ سرکہ میں جوش دے کر مریض کو اس کی بھاپ سونگھائیں۔

چھینکیں زیادہ آنیکا علاج

خمیرہ خشخاش ۷ ماشہ کھلا کر اوپر سے لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ۔ شیرہ عناب ۵ دانہ شیرہ تخم کاہو ۳ ماشہ۔ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر صبح شام استعمال کرائیں اور کافور سیال ۵-۵ قطرہ ایک تولہ پانی میں ملا کر صبح شام غذا کے بعد استعمال کرائیں گرم پانی میں نمک ملا کر ناک دھلوائیں۔ روغن خشخاش اور روغن کدو کی سر پہ مالش کریں۔ اور چند قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

ناک کی خشکی اور کھجلی کے دور کرنیکا علاج

کافور ۲ رتی عورت کے دودھ میں گھسا کر دو چار بوند ناک میں ٹپکائیں خوراک کے لئے مربہ آملہ چاندی کے ورق کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

ناک کی بواسیر کا علاج

چرائتہ ۵ ماشہ۔ اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ بادیان ۵ ماشہ۔ پودینہ خشک ۵ ماشہ بیخ بادیان ۵ ماشہ نبات سفید ۲ تولہ صبح کو پانی میں جوش دے کر چھان کر استعمال کرائیں اور گندھک محلول ۵-۵ قطرے پانی ایک تولہ میں ملا کر غذا کے بعد دونوں وقت استعمال کرائیں، اطریفل شاہترہ ۷ ماشہ شب کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ استعمال کرائیں اور جوز السرو انجیر دشتی۔ بورہ ارمنی ہموزن پانی میں جوش دے کر اس سے ناک دھلوائیں۔ مرہم زنگار روئی کے پھایہ سے مسہ پر لگائیں۔

امراض الانف یعنی ناک کی بیماریوں کا روحانی علاج

رعاف یعنی نکسیر پھوٹنے کے بیان میں

۴۵- اگر ناک سے نکسیر آتی ہو۔ اور بند نہ ہوتی ہو۔ تو راعف کے سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھ کر پھونکے۔ یا لکھ کر اُس کے سر پہ رکھے۔ خون بہنی بند ہو

ان اللّٰہ یمسک السمٰوات تا حلیماً غفوراً۔ یا ارض ابلعی ماءک یا سماء اقلعی و غیض الماء کف ایھا الرعاف بحق الواحد القھار العزیز الجبار۔

باب امراض لسان ودہان

زبان اور منہ کی بیماریوں کے علاج میں

اکسیر قلاع

تیزاب گندھک ایک تولہ۔ پانی سادہ دس تولہ ملا کر رکھ لیں۔
ترکیب استعمال:۔ روئی اُس میں بھگو کر منہ کے چھالوں میں لگاویں۔
فوائد:۔ منہ کے چھالوں کے لئے فوری اثر کرتا ہے۔

دوا قلاع

کتھ سفید ایک تولہ۔ گیرو ایک تولہ۔ پھٹکڑی سفید بریان چھ ماشہ کافور تین ماشہ۔ نیلا تھوتھیا چار رتی۔

جملہ دواؤں کو باریک پیس کر محفوظ رکھ لیں۔ اور منہ میں دھوڑا دیں۔

فوائد:۔ منہ۔ زبان۔ ہونٹ پر چھالے خواہ کسی وجہ سے پڑے ہوں۔ اس کو پانی میں ملا کر غرارے کرنے سے رفع ہو جاتے ہیں۔ اگر منہ کے اندر چھالوں کی سفید تہ جمی ہوئی ہو۔ تو ایسی حالت میں دوائی پانی میں حل کر کے روئی سے آہستہ آہستہ منہ کو صاف کریں۔ نیم گرم سادہ پانی کے غرارے کریں۔

ہر قسم کے چھالے۔ منہ پکنے کی امراض دور ہو جائیں گی۔

امراض لسان ودہان کا روحانی علاج

لکنت یعنی ہکلاوٹ زبان کے بیان میں

۴۶۔ جس بچے کی زبان میں لکنت ہو اس کو سورۃ بنی اسرائیل مشک و زعفران سے لکھ کر پانی میں دھو کر پلایا جاوے۔ لکنت دور ہو گی۔

۴۷۔ جو لڑکا بولتا نہ ہو۔ یا ہکلاتا ہو۔ حروف ب ساٹھ مرتبہ کاغذ پر لکھ کر گھول کر پلا دے۔ لڑکا درست بولنے لگے اور فصیح اللسان ہو۔

۴۸۔ گونگا چینی کی رکابی میں اسم الحمید لکھ کر دھو کر پیئے۔ لکنت دور ہو ۶۲ مرتبہ روزانہ [illegible] دن تک یہ عمل کریں۔

کثرت سیلان لعاب دہن

یعنی منہ سے بکثرت رال بہنے کے بیان میں

۹۴۔ مندرجۂ ذیل کلمات کو بہت پڑھے۔ اور زبان پر جاری رکھے تو جذب رطوبات کرے۔ جوکہ وقت خواب کے یا بیداری کے رطوبت دہن سے سیلان کرتی ہے اور بدن کو قوت دے۔ اور تمام قوائے ظاہرہ باطن کو تقویت بخشے؟

جمرب جتند

باب دانت اور مسوڑوں کی بیماریوں کا علاج

اکسیر درد داڑھ

ٹنکچر آیوڈین۔ کافور۔ کاربالک ایسڈ۔ کلورل ہیڈ ریٹ۔ کریازوٹ ہر ایک ایک ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ درد والے دانت پر روئی سے باحتیاط لگاویں۔ اگر پھر درد چھڑ جائے۔ تو دوسری یا تیسری دفعہ لگاویں۔ اگر سوراخ ہو تو سوراخ کے اندر لگائیں۔

فوائد۔ درد داڑھ کو ایک منٹ میں ساکن کرتی ہے۔

اکسیر ماسخورہ

پھٹکڑی سفید دو تولہ۔ کاہی سرخ ایک تولہ۔ مشک کافور تین ماشہ ہر سہ ادویات کا سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:- تھوڑی سی دوا لیکر دانتوں پر ملیں اور آدھ گھنٹہ بعد پانی سے کلی کریں۔
فوائد:- ماسخورہ کو چھ یوم میں دور کرتا ہے۔ جبکہ اس کو دو دفعہ روزانہ استعمال کیا جائے ؛

سنون پائیوریا

مردار سنگ۔ انزروت۔ دانہ الائچی خورد۔ نیلا تھوتھیا۔ ہر ایک تولہ تولہ باریک پیس لیں۔
ترکیب استعمال:- بطور منجن دانتوں پر برش یا مسواک سے ملیں (لگاویں) اور تھوڑی دیر ٹھہر کر گرم پانی سے کلی کریں۔
فوائد:- پائیوریا کے لیئے سب نسخوں کا سرتاج ہے ؛

امراض اسنان و لثہ کا روحانی علاج

یعنی دانت اور مسوڑوں کی بیماریوں کے بیان میں

وجع السن یعنی دانتوں کے درد کے بیان میں

۵۰- درد دنداں کے لیئے کھٰیٰعص حمعسق لا اله الا ھو رب العرش العظیم وله ما سکن فی الیل والنھار وھوالسمیع العلیم پڑھ کر دم کرے درد دور صحت ضرور ہو۔
۵۱- یہ عمل درد دنداں۔ درد چشم۔ درد گوش۔ صداع۔ مزمنہ اور شقیقہ کے لیئے حکیم خیر اندیش سے خیر التجارب میں تحریر ہے کہ یَا مَنۡ سَکَّنَ کُلُّہُ لِیۡ اَلَّذِیۡ نَجَّانَا مِنۡ کُلِّ کَرۡبٍ عَظِیۡمٍ کو تین بار پڑھیں۔ پھر ایک کاغذ پر یا شمعلونی

اِس طرح لکھیں۔ کہ میم عین واؤ کے حلقے کھلے رہیں۔ پھر اِس نقش کو لکڑی کی تختی پر رکھیں۔ اور مریض کو کہیں۔ کہ درد کے مقام کو اپنے انگوٹھے اور انگشت شہادت سے پکڑ رکھے۔ اور عامل مذکورہ کلمات تین مرتبہ پڑھ کر ایک کیل میم کے حلقے میں گاڑ دے اور مریض سے پوچھے کہ درد کا کیا حال ہے۔ پھر اسم مذکورہ تین مرتبہ پڑھ کر دوسرا کیل عین کے حلقے میں گاڑ دے اور مریض سے دریافت کرے کہ آرام ہوگیا۔ پھر اسی طرح تیسری کیل واؤ کے حلقے میں گاڑ دے۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔

۵۲۔ جب تیرے پاس کوئی درد جاڑہ کا مریض آوے تو اُس کو کہو۔ کہ درد ہوتا ہے؟ درد دائیں طرف ہے یا بائیں طرف؟ نیچے کی جاڑ درد کرتی ہے یا اوپر کی؟ درد کب سے ہے؟ اشیا ماکولہ میں سے کونسی چیز نہ کھاؤگے۔ کتنے سال کے بعد درد باندھا جاوے۔ مذکورۃ الصدر سوالات کا جو جواب مریض دیوے۔ اُس جواب کو ساتھ ساتھ لکھتے جاؤ۔ پھر اُس کو کہو۔ کہ جو جاڑ درد کرتی ہے اُس پر انگل رکھو جب وہ انگل رکھے تو دل میں پڑھے اور کاغذ پر لکھے لعؔ اور پھر کہو کہ چھوڑ دے۔ اور زمین پر تھوک دے اور پھر کہو کہ پکڑے۔ جب پکڑے تو لکھو لعؔ اور دل میں بھی پڑھو۔ اُس سے پوچھو کیا حال ہے؟ اگر کہدے آرام ہے تو فہو المراد اگر کہے کہ درد ہے تو لکھے لعؔ اور دل میں بھی پڑھے۔ درد دور ہوگا۔ انشاء اللہ

۵۲۔ ہر روز ایک بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مسواک پر پڑھ کر دم کرے۔ اور اُس مسواک سے دانت صاف کرے۔ درد دنداں۔ دانتوں کا ہلنا۔ چیز کھاتے اور چبانے میں دانتوں کو تکلیف ہونا دور ہوگا۔

تحرک الاسنان یعنی دانتوں کے ہلنے کے بیان میں

۵۴۔ مسواک کرتے وقت دس مرتبہ اسم مبارک شَہِیدُ پڑھ لینے سے مرض کا ثور اور دانت ہمیشہ مضبوط رہتے ہیں۔

۵۵- وتر کی نماز اس طرح ادا کرے - کہ پہلی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ اِذَا جَاءَ پڑھے اور دوسری میں بعد سورۃ فاتحہ تَبَّتْ یَدَا اور تیسری میں بعد سورۃ فاتحہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ یہ استحکام دندان کا مجرب ہے۔

لثہ وامیہ یعنی مسوڑوں سے خون بہنے کے بیان میں

۵۶- آیت شریف ان اللہ یمسک السَّمٰوٰت اور وَلَہٗ ما سکن فی الیل مکمل پڑھ کر دم کریں - اور مندرجہ ذیل نقش



چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر تھوڑا سا شہد ملا کر پلاویں - دو ہفتہ یہ عمل کریں - علاوہ مسوڑوں سے خون بہنے کے ماسخورہ کو بھی نافع ہے۔

باب امراض حلق لہات مری

یعنی گلا کوّے اور کھانا پانی جانے کی نالی کی بیماریوں کا روحانی علاج

خناق یعنی گلے کے اندرونی ورم کے بیان میں

۵۷- اماس گلو کے لئے دوشنبہ یا جمعہ کے روز لکھ کر گلے میں باندھے - لِی اللہ لِی اللہ ھو یُوکَعُ فی اللوح منھا خلقنٰکم وفیھا نعیدکم سے اُخری تک کھیعص حمعسق یا اتوار کے روز وقت طلوع آفتاب گلے میں ڈالے - یہ عمل ورم اللہات کو بھی نافع ہے۔

۵۸- درد گلو کے لئے اس آیت کو لکھ کر گردن میں باندھے۔
اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِھِمْ اَغْلٰلًا فَھِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَھُمْ مُّقْمَحُوْنَ

حکاک المری یعنی خارش مری کے بیان میں

۵۹- اوّل مریض کو سرکہ سے غرارہ کرائیں اور مندرجۂ ذیل کلام کو شکر پر سات مرتبہ دم کرکے دودھ میں ملا کر صبح و شام ایک ہفتہ تک پلاویں۔ خدا چاہے تو شفا پائے
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نوج نبک بِسْمِ اللّٰہِ شکتا ملیحات نارا اکفتا وعلی
آل سیدنا محمد بعدد کل داءٍ و دواءٍ و بعدد کل علۃ و شفا بحرمت
فکسونا العظام لحما ثم انشانہ خلقا آخر فتبارک اللّٰہ احسن الخالقین
یہ عمل ہر قسم کی خارش کا آزمودہ ہے۔ اگر خارش ظاہر جلد پر واقع ہو۔ تو روغن سیاہ پر سات مرتبہ دم کرکے مالش کے واسطے بیمار کے حوالہ کر دیں بعض عامل سات پرزہ کاغذ پر لکھ کر گھول کر بیمار کو پلاتے ہیں۔ اور صبح و شام کو سات سات مرتبہ پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔

خنازیر یعنی ہنجیراں کے بیان میں

۶۰- برابر قد مریض کے ایک چمڑے کے تسمے پر اکتالیس (۴۱) گرہ دیوے اور ہر ایک گرہ پر یہ دعا پڑھ کر پھونکے۔
اعوذ بعزۃ اللّٰہِ و قدرۃ اللّٰہِ و عظمۃ اللّٰہِ و برھان اللّٰہِ
و سلطان اللّٰہِ و کنف اللّٰہِ و جوار اللّٰہِ و امان اللّٰہِ و ضع اللّٰہ و
کیبو باللّٰہِ و نظر اللّٰہ و بھاء اللّٰہِ و جلال اللّٰہِ و کمال اللّٰہِ و لا الٰہ
الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہِ من شر ما اجد۔

۶۱- لکھ کر گلے میں ڈالے۔
ستری ماہری لعلاہ و قصری جرجا سند اقبر ماہ ہنجیر بحق ابراہیم خلیل اللّٰہ۔

۶۲- مریض کو رو بقبلہ بٹھائے۔ اور ایک اپلہ کو جو درمیان خشکی اور تری کے ہو۔ لیکر گیارہ مرتبہ یا سات مرتبہ کلمہ طیبہ معہ تسمیہ آیت پڑھ کر مریض کو بروز اتوار دم کرے۔ اور اپلہ مذکور کو دیوار کے ساتھ پھینک دے۔ یہ عمل اول دن سہ کرر بجالاوے۔ ایسا ہی تین اتوار کرے۔ اور تیسرے اتوار شیرینی پانچ چونی لیکر مریض کو رخصت کرے انشاءاللہ مرض سے شفا ہوگی۔ اور اس طرح پڑھے آزمودہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط
سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ فلاں ازمرض خنازیر شفا یابد۔

اماس کبیر یعنی گلہڑ کے بیان میں

۶۳- عروج ماہ میں بدھ کے دن نابالغہ کنواری لڑکی سے سوت کتوا کر رکھ لے۔ اور جمعرات کے دن نماز فجر کے بعد جلسہ نماز میں جس طرح بیٹھا ہے۔ اسی طرح بیٹھا رہے اور کسی سے کلام نہ کرے۔ اور ساعت مشتری میں درود شریف تین بار پڑھ کر گیارہ بار سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ پڑھے اور اس سوت میں گرہ دیوے۔ اور اسی طرح سات گرہ دیوے۔ پھر تینتیس۳۳ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ختم کر دے۔ پھر تھوڑی سی شیرینی پر حضرت غوث اعظمؓ کی روح پاک کو ثواب پہنچا کر گرہ (گنڈھ) بیمار کے گلے میں کس کر باندھ دیوے۔ بعد چند روز کے جب گرہ ڈھیلی ہو جایا کرے۔ کس کر باندھ دیا جاوے۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ مرض جاتا رہے گا۔

نوٹ:- بعد طلوع آفتاب ایک گھنٹہ تک جمعرات کو مشتری کی ساعت ہوتی ہے۔ اُسی ساعت میں یہ عمل کیا جاوے۔

باب پھیپھڑے اور سینے کی بیماریوں کے علاج میں

اکسیر سعال

رب السوس ـ صمغ عربی ہر ایک ڈھائی تولہ ـ نشاستہ ـ افیون ہر ایک تولہ تولہ سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں

فوائد :ـ کھانسی خشک و تر ہر قسم کو کامیابی سے رفع کرتی ہے ـ طبیب اگر چاہے تو اس کے ساتھ کوئی مناسب دوائی شامل کر سکتا ہے ـ یعنی شربت جوشاندہ یا لعوق وغیرہ

ترکیب استعمال :ـ ایک ایک گولی صبح ـ دوپہر ـ شام ہمراہ پانی استعمال کریں زیادہ تکلیف ہو. یا آنکھوں سے پانی جاری ہونے کے لیئے استعمال کرائی ہوں تو دو دو گولیاں استعمال کرائی جاتی ہیں ـ کالی کھانسی کے لیئے شیرہ مغز بادام کے ساتھ دی جائیں ـ

تریاق کھانسی

نوشادر ـ سوہاگہ ـ میعہ سائلہ ـ ست ملٹھی ہر ایک ایک تولہ ـ مرمکی ـ گوند کتیرا ـ گوند کیکر ہر ایک چھ چھ ماشہ افیون تین ماشہ ـ زعفران تین ماشہ ـ تمام ادویہ کو باریک پیس کر بقدر نخود گولیاں تیار کریں ـ

فوائد :ـ خشک تر ـ نئی پرانی کھانسی کو مفید ہے ـ

مقدار خوراک:- ایک ایک گولی دن میں تین بار۔ شربت یا پانی سے دیں۔

حب ذات الریہ

شنگرف۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ افیون۔ جوزماثل ہر ایک تولہ تولہ۔ مرچ سیاہ اور فلفل دراز کو جو کوب کرکے شنگرف کی ڈلی درمیان رکھ کر ایک بھٹیلی میں بند کریں۔ اور روغن زرد جس میں بھٹیلی ڈوب جائے۔ بریان کریں۔ جب بھٹیلی سخت ہو جائے۔ اتار کر باقی ہر دو اشیا شامل کرکے ایک ایک رتی کی گولیاں بناویں۔

فوائد:- ذات الریہ (نمونیا) کا تریاق ہے۔ ہمارا تجربہ ہے۔ کہ صرف درد پسلی۔ اور کھانسی اگر علیحدہ علیحدہ ہو تو بھی نافع ہے۔

ترکیب استعمال:- ایک ایک گولی چار چار گھنٹہ کے بعد ہمراہ شہد یا بدرقہ مناسب۔

روغن اکسیر نمونیا

روغن کنجد دس تولہ۔ موم دیسی دو تولہ۔ سندور خالص دو تولہ۔ روغن اور موم کو آگ پر گرم کریں۔ جب موم مل جائے تو آگ سے اتار کر سندور ڈال کر ہلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ ٹھنڈا ہو جائے۔ پھر رکھ لیں۔

طریقہ استعمال:- درد کی جگہ مالش کرکے روئی یا نمدہ کو گرم کرکے اوپر باندھ دیں۔

فوائد:- درد نمونیا اور ہر قسم کے دردوں کے واسطے مفید ہے۔

اکسیر نافع البدن

فرفیون چھ ماشہ تخم حنظل دو تولہ۔ گوگل ایک تولہ۔ مصبر ایک تولہ تمام اشیاء

کو باریک کرکے پانی کے ہمراہ دانہ مسور کے برابر گولیاں بنا دیں۔
ترکیب استعمال :۔ دس گولیاں ہمراہ آب سرد پہلے دن۔ اس کے بعد پانچ گولیاں روز بڑھا کر تیس تک تعداد پہنچا دیں۔ اور اس کے بعد پانچ دن کا وقفہ کریں۔ اسی طرح پانچ مرتبہ کریں۔
فوائد :۔ تمام اوجاع عصبی کے لئے بالخاصہ مفید ہے۔
نوٹ :۔ اگر دوران استعمال دوا میں کوئی شخص مروڑ شکم کی شکایت کرے تو اس کو تخم ملنگاں ایک تولہ ہمراہ ایک پاؤ شربت کھانڈ کھلا دیں۔

سفوف اکسیر اوجاع

چھلکا پدار چار ماشہ۔ افیون چار ماشہ۔ کشتہ بارہ سنگا چار ماشہ۔ شورہ قلمی تین تولہ۔ سب کو باریک کھرل کرکے سفوف تیار کریں۔
فوائد :۔ ہر قسم کے دردوں کی لاجواب اکسیر ہے۔ خصوصاً ذات الجنب کی اکسیری دوائی ہے۔ اوجاع مفاصل درد گردہ ہر قسم کے ریاحی دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔
معمولی دردوں کے لئے تو تین چار خوراک کافی ہیں۔
ذات الجنب میں ہمراہ جوشاندہ عناب ۵ دانہ۔ خطمی۔ گاؤزبان بہیدانہ ہر ایک تین ماشہ گل بنفشہ چھ ماشہ۔ لسوڑیاں ۱۱ دانہ مصری یا شربت بنفشہ تین تولہ ملا کر دن میں تین پڑی تک استعمال کرائیں۔
بچوں کو عمر کے مطابق دیں۔
احتیاط :۔ یہ دوا حاملہ کو نہ دیں۔
یادداشت :۔ پوست بیخ مدار ماہ بیساکھ میں لے لینا چاہیئے ۔

سفوف مفید الاوجاع

سورنجاں شیریں تین تولہ۔ سوڈا سیلی سلاس دو تولہ۔ دانہ ہیل ایک تولہ پوٹاسی برومائیڈ چھ ماشہ۔ ایسپرین چھ ماشہ۔ کیفین سائٹراس تین ماشہ سفوف بنا دیں اور سب کے برابر وزن کھانڈ ملا کر رکھیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ دو ماشہ صبح۔ دو ماشہ دوپہر۔ دو ماشہ شام ہمراہ آب سادہ یا دودھ کھائیں۔

فوائد:۔ وجع المفاصل۔ عرق النساء۔ وجع الورک نقرس۔ دردِ پشت۔ دردِ کمر۔ تمام دردوں میں نافع ہے۔

نوٹ:۔ اس کے ہمراہ مالش کے لیئے دردوں پر موٹر کا تیل (پٹرول) آگ اور دھوپ سے علیحدہ کہیں سائے میں بیٹھ کر ملیں۔ اس کے بعد روئی یا نمدہ گرم کر کے باندھ دیں۔

تریاق الاوجاع

کشتہ بارہ سنگا ۹ ماشہ۔ کچلہ مدبر۔ کشتہ سنکھ۔ کیفین ہر ایک چھ ماشہ۔ ایسپرین۔ سوڈا سیلی سلاس۔ سوڈا بائیکارب ہر ایک تولہ۔ سب کو ملا کر کھرل کریں حتیٰ کہ یکجان ہو جائیں۔

ترکیب استعمال:۔ تین رتی دوا میں ایک ماشہ کھانڈ سفید ملا کر ہمراہ دودھ گرم دو تین دفعہ دن میں۔ عورتوں کو دو رتی اور بچوں کو حسب عمر استعمال کرائی جاتی ہے۔

گرم مزاجوں کو شربت بنفشہ کے ساتھ زیادہ کمزور مریضوں کو نہ دینی چاہیئے

نمونیہ اور ذات الجنب میں درد کی شدت کے وقت

رائی سفید ۱۲۰ ماشہ۔ ایلوہ ۹ ماشہ۔ صمغ عربی ۴۰ ماشہ۔ افیون

۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر یکجان کر کے اس سے چار ماشہ کے قریب لے کر گرم پانی میں لئی سی بنا لیں اور درد کی جگہ نیم گرم ضماد کریں۔
معمولی دردوں میں کوئی مالش مناسب۔ بصورت قبض قبض کشا دوا دینی چاہیئے۔ سرد ہوا سے پرہیز۔ بصورت شدت کھانسی جوشاندہ صافی کے ہمراہ۔

فوائد:۔ اوجاع ہر قسم نمونیہ۔ ذات الجنب۔ ذات الصدر۔ ذات العرض۔ ذات الزنج۔ گنٹھیہ درد اعصاب۔ اوجاع بارده کو مفید ہے۔

امرت خاص

روغن کنجد ۲۰ تولہ۔ کچلہ ۲۰ تولہ۔ موم دیسی ۵ تولہ۔ روغن دارچینی ۲ تولہ کافور ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۶ ماشہ۔ ست اجوائن ۶ ماشہ۔

تیل میں کچلوں کو جلا کر باہر نکال دیں۔ پھر موم ڈال کر نیچے اتار لیں ایک شیشی میں مشک کافور اور ست اجوائن اور ست پودینہ ڈال کر تھوڑی دیر دھوپ میں رکھیں۔ تیل بن جائے گا۔

بعد ازاں مذکورۃ الصدر روغن کنجد میں اس مرکب تیل کو معہ روغن دارچینی اس وقت ملائیں۔ جبکہ ابھی موم اور تیل کا مرکب پگھلی ہوئی حالت میں ہو یہ سرد ہو کر جم جائے گا۔ اس کو شیشے کی منہ کی پیچدار ڈھکن والی شیشیوں میں ڈال کر بند کر دیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کا درد خواہ جسم کے کسی حصہ میں ہو۔ نیز چوٹ وغیرہ کے لئے بھی اکسیر صفت ہے

ترکیب استعمال:۔ بوقت ضرورت مقام ماؤف پر اس کی مالش کریں۔ اور اوپر روئی گرم کر کے باندھ دیں۔

امراض الریہ وصدر یعنی پھیپھڑے اور سینہ کی بیماریوں کا روحانی علاج

ضیق النفس یعنی تنگی سانس کے بیان میں

(۴۴) اس آیت شریف کو مٹی کے پیالہ جدید میں زعفران اور گلاب سے لکھ کر آب زمزم سے دھو کر پلاوے۔ ہر ایک مرض سینہ سے انشاء اللہ شفا پائے

وَنَزَعْنَا مَا فِی صُدُوْرِھِمْ من غل تجری من تحتھم الانھار وقالو الحمد للہِ الذی ھدانا لھذا وکنا لنھتدی لولا ان ھدنا اللہ لقد جاءت رسلُ ربنا بالحق ولودوا ان تلکم الجنۃ اورثتموھا بما کنتم تعملون ۝

۴۵۔ مندرجہ ذیل طلسم کو بعد ادائے زکوٰۃ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے جب تک یہ طلسم بیمار کے پاس رہیگا۔ مرض سے محفوظ رہیگا۔ زکوٰۃ اس کی یہ ہے۔ کہ سوا لاکھ بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ مجرب ہے

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یکلا ھطکسق	ارخفصنص
مسطمف	فصقر دحلینص
شبو یلحم	ضجزک

فلاں بن فلاں از ضیق النفس شفا یابد یا شافی

۶۶- اُس ضیق النفس کا عمل جو کہ اکثر بچوں یا ناتوانوں کو ہوتا ہے۔ لکھ کر گلے میں ڈالے۔

هو الله الواحد الاحد. هو الله الاحد الواحد الصمد هو الله شافی الاوجاع هو الله الكافی الاوجاع - فاذكرونی اذكركم واشكروا لی ولا تكفرون ٥

۶۷- یہ عمل واسطے دفع عارضہ پسلی اطفال یعنی ام الصبیان کے بہت نافع ہے یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ تو حق تعالیٰ شفا بخشے۔

۱۰۰۰	۱۰۰۹	۱۴۷	۴۰۲
یاحافظ	یاحفیظ	یامومن	یاشافی
۱۴۸	۴۰۱	۱۰۰۱	۱۰۰۸
۴۰۰	۱۴۵	۱۰۱۱	۱۰۰۲
۱۰۱۰	۱۰۰۳	۳۹۹	۱۴۶

سعال یعنی کھانسی کے بیان میں

۶۸- آیت ذیل پانی پر دم کرکے کھانسی والے کو پلاوے۔

افحسبتم انما خلقناکم سے العرش الکریم تک


ذات الجنب یعنی درد پسلی کے بیان میں

۶۹- یہ تعویذ لکھ کر تین عدد بوقفہ ایک ساعت پلادیں اور ایک بیمار کے گلے میں ڈالیں

۱	۱۵	۱۲	۸
۱۳	۷	۲	۱۴
۶	۱۰	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۱۱

۷۰- نقش رحمانی میں لکھا ہے۔ واسطے آزار لوگوں کے کہ جس کو درد پسلی کہتے ہیں یہ نقش نہایت سریع التاثیر ہے۔ اول میں جبکہ درد شروع ہو

تو بچہ کو اس کپڑا کے اوپر لٹا دے۔ اور وہ کپڑا گز لمبا ہو۔ جس پر نقش مندرجہ ذیل لکھا ہووے فلاں بن فلاں کی جگہ نام طفل معہ ولدیت لکھے۔ نقش یہ ہے۔



ایک بزرگ نے مجھے فرمایا کہ نقش درست ہے۔ مگر نقش کو ورد کے اوپر رکھے نہ کہ کپڑے پر بچے کو لٹاوے

۱۷۔ مریض ذات الجنب کے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ لایلف پڑھ کر دم کرے۔ ہر مرتبہ خاتمہ سورۃ پر دم کرتا رہے بعد ازاں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ اگر ضرورت باقی ہے۔ اور کامل صحت نہیں ہوئی۔ تو پھر اسی طرح عمل کرے۔ تاکہ صحت کلی حاصل ہو۔ یہ عمل مولوی سلطان احمد عاقل کا ہے۔ صاحب موصوف کا فرمان ہے۔ کہ فصد کے بعد اس دم کرنے کی اجازت نہیں بارہا آزمودہ ہے ؎

زہاق ضیق النفس

پارہ چھ ماشہ۔ گندھک چھ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ دو ماشہ۔ فلفل گرد دو ماشہ فلفل دراز دو ماشہ۔ منجھل دو ماشہ۔ ہڑتال ورقی دو ماشہ۔ ترپھلہ ایک تولہ ۱۰ ماشہ

ترکیب ساخت:۔ اول پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ بعد ازاں فلفلیں اور بیش کھرل کریں۔ بعدہٗ منجھل اور ہڑتال کھرل کریں۔ آخر میں ترپھلہ شامل کر کے سفوف مانند سرمہ بنا دیں۔

فوائد:۔ ضیق النفس کے لئے اعجاز مسیحا ہے۔ ایک ہفتہ میں بہت فائدہ کرتا ہے۔ دوسرے ہفتہ میں مرض کو جڑھ سے اکھیڑ دیتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چاول روزانہ ہمراہ سفوف فلفل دراز تین ماشہ کھلائیں ؎

سفوف دمہ

آک کے پودے کی راکھ ایک تولہ۔ کپاس کی راکھ ایک تولہ۔ تمباکو کی راکھ ایک تولہ۔ کھانڈ دیسی تین تولہ۔

ترکیب ساخت:۔ چاروں کو ملا کر خوب باریک کھرل کر لیں۔

ترکیب استعمال :- چار رتی کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد :- دمہ۔ تنگی تنفس ہر قسم کو دور کرنے میں لاجواب نسخہ ہے پُرانے مریض دمہ اس کو تین ہفتہ تک استعمال کر کے نجات کاملہ حاصل کر سکتے ہیں۔

دوائے دمہ

ڈاکٹری طب میں اس مرض کا دورہ روکنے کے لئے ایفڈرین کی ٹکیاں مفید ثابت ہوئی ہیں۔

ترکیب استعمال :- ایک ایک ٹکیہ دن میں تین بار۔ دورہ کی حالت میں کم و بیش کر سکتے ہیں۔

فوائد :- دمہ۔ کھانسی ہر قسم۔ کالی کھانسی چھپاکی کے لئے بہترین چیز ہے ؎

اکسیر نفث الدم

کیلیسم لکٹیٹ۔ کشتہ گئو دنتی۔ کشتہ سنگ جراحت۔ کشتہ مرجان کشتہ بارہ سنگا۔ کشتہ ابرک سفید۔ دم الاخوین۔ گیرو۔

ترکیب ساخت :- تمام ادویات مساوی الوزن لے کر موخر الذکر ہر دو دوائیں باریک پیس کر سب کو خوب کھرل کر کے حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال :- دو ماشہ صبح۔ دو ماشہ شام ہمراہ آب تازہ ایک ہفتہ تک۔

فوائد :- نفث الدم کے لئے نہایت مفید ہے۔ اور پہلے ہی دن فائدہ معلوم ہوتا ہے ؎

باب دل کی بیماریوں کے

علاج میں

اکسیر المسک

مسک ولایتی (جو تمام بڑے بڑے انگریزی دوافروشوں سے ایک اونس کی بند شیشی مل جاتی ہے) کشتہ فولاد ولایتی (فرائی کاربوناس) کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف صادق ہر ایک دو ماشہ۔

مسک ولایتی باریک کھرل کرکے کشتہ جات ملالیں۔

فوائد:۔ ضعف قلب۔ غشی۔ سقوط قوت۔ ہاتھ پاؤں کے سرد ہو جانے۔ دل گھٹنے۔ بزدلی۔ وغیرہ کے لئے لاثانی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ اگر مرض کا دورہ ہو۔ تو چار رتی ہمراہ دودھ یا چائے یا پانی یا مناسب عرق استعمال کرائیں۔ فوراً ہوش آجائیگی۔ اگر پوری طرح ہوش نہ آئے۔ تو دوسری خوراک دے دیں۔ اگر تقویت قلب مطلوب ہو۔ تو صبح۔ دوپہر۔ شام تین دفعہ دن میں یا حسب ضرورت استعمال کرائیں ایک ہفتہ تک۔

یادداشت:۔ اگر فی خوراک ایک عدد ورق نقرہ کلاں ملا کر دیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

نوٹ:۔ مسک سے مسک آرٹی آفیشل مراد ہے۔

سفوف مفرح

طباشیر کبود - کشنیز - صندل سفید۔ الائچی خورد - زہر مہرہ خطائی - کہربا - ہر ایک پانچ تولہ - نارجیل دریائی تین تولہ - کشتہ عقیق دو تولہ - کشتہ مرجان ایک تولہ - ورق نقرہ تین ماشہ - سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال :- ایک ماشہ سے تین ماشہ تک یہ دوا - دو تین تولہ رب انار - رب بہی - رب سیب - شہد وغیرہ کسی ایک چیز یا مجموعہ میں ملا کر مریض کو چٹائیں - تقویت دماغ کے لئے خشخاش و بادام کے شیرہ کے ساتھ دیں اور تقویت جگر کے لئے شیرہ زرشک و شیرہ بادیان و شیرہ کاسنی سے دیں - کسی مربہ یا گلقند - یا مکھن و مصری میں ملا کر۔

فوائد :- بخاروں میں جب گھبراہٹ بے چینی ہوتی ہو - غشیان - تہوع قے ستاتی ہو - یا دست آتے ہوں - پیاس ستاتی ہو - تو ایسے حالات میں یہ مفید ترین چیز ہے۔

اگر جسم کے کسی حصہ سے خون آ رہا ہو - تو اس کا کھلانا اور مقام ماؤف پر لگانا دونوں طریق سے خون بند کرتا ہے۔

دل کی مقوی اور مفرح ہے - ضعف دل - خفقان وغیرہ میں مفید ہے - ضعف دماغ کے لئے بھی مفید ہے - غرضیکہ مقوی اعضائے رئیسہ اور مفرح اور مسکن ہے حابس و قابض بھی ہے۔

امراض قلب کا روحانی علاج

خفقان یعنی دل کی گھبراہٹ کے بیان میں

۲۷ - سورۃ الم نشرح ایک ظرف جدید تانبہ میں لکھ کر آب باراں یا

آبِ زمزم سے دھو کر ایک ہفتہ یا اس سے کم و بیش پلانے سے صحت ہو گی۔

امراضِ ثدی یعنی پستان کی بیماریوں کا روحانی علاج

قلۃ اللبن یعنی دودھ کی کمی کے بیان میں

۷۳۔ کسی عورت کو اپنے بچے کے لیئے اگر دودھ کی کمی ہو۔ تو وہ اسم پاک المتین کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے اُس کا دودھ زیادہ ہو جائیگا۔
۷۴۔ ایک طشتری چینی بے قلعی طاہر مصفیٰ پر اس آیت شریف کو لکھ کر دھو کر پلا دے۔ شیر کثیر ہو گا۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُمْ سے بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ہ تک

درور اللبن یعنی تھن ٹھلہ کے بیان میں

۷۵۔ اگر کسی عورت کے پستان سے بکثرت دودھ جاری ہو، اور تھن ٹھلہ کی تکلیف ہو۔ تو یہ پڑھے پیڑ ڈھڈہ پیڑ اوگن ہاری نیر۔ صدقہ پیر اُستاد دا وت نہ ہووے پیڑ تین مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف ایک ایک بار اگر مریض کا دایاں پستان درد کرتا ہو۔ تو بائیں پر اگر بایاں درد کرتا ہو تو دائیں دم کرے چند بار کرنے سے شفا حاصل ہو۔

باب امراض معدہ
پیٹ کی بیماریوں کے علاج میں

پیام شفا

فلفل سیاہ - نوشادر - ہرمچی یا گیرو ہر ایک ایک تولہ - تخم جوز ماثل سفید چھ ماشہ - کشتہ خبث الحدید تین ماشہ سفوف تیار کریں -

ترکیب استعمال :- ۴ چاول دوا تازہ پانی عرق سونف یا گلاب ۲ تولہ و سکنجبین دو تولہ کے ہمراہ صبح و شام یا بوقت ضرورت استعمال کریں -

فوائد :- قے اور درد شکم کے لئے خاص مفید ہے - متلی نفخ شکم - بدہضمی - قلت اشتہا سقوط اشتہا کو نافع ہے -

پرہیز :- دیرہضم اور نفاخ غذاؤں سے

سیرپ گل

تیزاب گندھک ولایتی چوبیس بوند - عرق سونف چوبیس اونس - ٹارٹرک ایسڈ چوبیس رتی - کھانڈ دانہ دار پندرہ تولہ - اول ست لیموں اور کھانڈ کو عرق میں حل کر لیا جاوے - بعدہٗ تیزاب داخل کریں - رنگ دینے کی غرض سے تین چار رتی زرد رنگ عمدہ میٹھا عرق سونف میں حل کر کے شربت میں داخل کریں -

فوائد :- ہیضہ قے - دست - بدہضمی - ضعف ہضم - نفخ شکم بخار کی شدت کی وجہ سے حلق اور منہ کا بار بار خشک ہونا - اور پیاس لگنا -

ترکیب استعمال:-

ایک سے دو سال تک	۲ ماشہ
تین ——— چار ———	۴ ماشہ
پانچ ——— آٹھ ———	۶ ماشہ
نو ——— بارہ	۱ تولہ

جوان آدمی کو سوا تولہ سے ایک اونس تک۔

نفخ شکم کی صورت میں ایک ماشہ سوڈا بائیکارب ملا کر گیس پیدا پیدا ہوتے ہی پی لیں۔

دن میں تین حد چار خوراک ۔ عام استعمال دو خوراک

ہم نسخہ مذکور میں زرد رنگ ملانے کی بجائے اب ٹنکچر کارڈ کو دو ڈرام اضافہ کرتے ہیں۔ اور بعض دفعہ جب کہ عرق سونف نہ مل سکے۔ تو پانی میں ۲۰ بوند امرت دھارا ملا دینے سے بھی کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔

حبوب اکسیر معدہ

شنگرف - سوہاگہ بریاں - فلفل دراز - بچھناک مدبر ہر ایک ایک تولہ مرچ سیاہ دو تولہ۔

سب کو ایک پاؤ آب ادرک میں کھرل کریں اور بقدر دانہ مونگ گولیاں بنا دیں۔

فوائد:- کمزوری معدہ - اسہال - بدہضمی - کھانسی - دمہ - درد شکم سینہ کی جلن - آروغ ترش - زبان کا بدذائقہ رہنا - غلبہ بادی جملہ امراض معدہ کو مفید ہے۔

ترکیب استعمال:- ایک سے تین گولی تک دودھ یا مکھن کے ہمراہ دیویں۔

چورن گل

نمک لاہوری ساڑھے سات تولہ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ سوہاگہ۔ جوا کھار ہر ایک دس تولہ۔ نوشادر۔ الائچی کلاں ہر ایک بیس تولہ۔ ہرڑچی مصفیٰ پچیس تولہ

ترکیب ساخت:۔ باریک کوٹ چھان کر ہرڑچی ملا کر چورن بنائیں۔

ترکیب استعمال:۔ چار رتی سے ڈیڑھ ماشہ تک دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد چاٹ لیا کریں۔ اور بعد میں پانی نہ پئیں۔

فوائد:۔ امراض شکم۔ امعا۔ ضعف معدہ۔ بدہضمی۔ قراقر۔ باؤگولہ۔ درد شکم۔ پیچش۔ تخمہ۔ سنگرہنی کھٹے ڈکار آنا۔ جلن سینہ۔ منہ سے پانی بہنا وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

اکسیر درد شکم

یہ نسخہ پیر علی حسین شاہ بخاری ناظم پاک ہومیو فارمیسی وزیر آباد کا مجرب ہے۔ اور ہمارا ابھی معمول ہے۔

پیپرمنٹ۔ ست اجوائن۔ ست سونف۔ ٹنکچر کاڈ۔ کلوروفارم۔ روغن دارچینی روغن لونگ۔ ہر ایک ایک ڈرام سب کو ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ تین قطرے سے پانچ قطرہ تک۔ دن میں تین چار مرتبہ پانی میں ملا کر دیں۔ اور مریض ایک گھنٹہ تک چت لیٹ جائے۔

فوائد:۔ درد شکم۔ ہیضہ مع عوارضات اور ناف ٹلنا میں مفید ہے۔

غذا:۔ صرف دودھ چاول۔

علاج ہیضہ

نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ پودینہ خشک ہر ایک تین ماشہ۔ نمک سیاہ۔ الائچی خورد

سونف ۔ کشنیز۔ ہر ایک چھ ماشہ ۔مصری تین تولہ۔ سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

شکنجبیں سادہ ۔عرق سونف عمدہ ہر ایک ایک پاؤ۔ روح سرکہ (ایسیٹک ایسڈ) ایک تولہ سب کو ایک بوتل میں ملا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ دو ماشہ سفوف کھا کر بوتل والی دوائی میں سے پانچ تولہ کے قریب لیکر اس میں ڈھائی تولہ پانی ملا کر پیئیں۔ پندرہ پندرہ منٹ کے بعد اسی طریق سے دیتے جائیں ۔اگر شکایت معمولی ہو۔ تو آدھ آدھ گھنٹہ کے بعد دیتے جائیں اگر دوائی قے سے نکل جاوے۔ تو پھر دے دیں۔ چار پہر میں پوری طرح آرام ہو جاتا ہے۔

غذا مطلقاً نہ دیں ۔شفایابی کے بعد جب سخت بھوک لگے تو نرم غذا تھوڑی سی کھلا کر بعد میں ایک دو بار یہی دوائی کھلائیں ۔ غذا مونگ اور چاول کی نرم کھچڑی میں گوشت بز کا شوربہ ملا کر دینا عمدہ ہے۔

نوٹ:۔ روح سرکہ نہ ملنے کی صورت میں سرکہ انگوری ۵ تولہ ڈال لیا جاتا ہے۔

فوائد:۔ ہیضہ کے تمام عوارضات اسہال قے ۔شدت عطش۔ بے قراری۔ بدہضمی۔ نقاہت وغیرہ اس کے استعمال سے کافور ہو جاتے ہیں ؛

تریاق ہیضہ

کافور دیسی۔ ست اجوائن ۔ست پودینہ ہر ایک ایک تولہ ملا کر الگ شیشی میں محفوظ کر لیں۔

روغن سونف ۔ روغن الائچی ۔ست لیموں ،پیپر منٹ آئل ۔عرق گلاب ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران ۵ رتی ۔ یہ فارمولا دوسری شیشی میں محفوظ کر لیں۔

پہلی تین ادویات کو ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ سفید رنگ کا تیل ہو جائے گا۔ اس پر نمبر ۱ لگا لیں۔ پھر زعفران کو چینی کی کھرل میں باریک پیس لیں۔ ست لیموں کو بھی باریک کر لیں اور عرق گلاب میں حل کر لیں۔ سرخ رنگ کا عرق تیار ہو جائیگا۔

پھر اس میں باقی ادویہ شامل کر لیں شیشی میں ڈال کر اس پر نمبر ۲ کی چٹ لگا دیں۔

فوائد:۔ ہیضہ وبائی ہو یا عارضی تمام اقسام اور ہر حالت میں سحر اثر ہے۔

ترکیب استعمال:۔ مریض ہیضہ کو حسب شدت و خفت مرض بتاشہ یا مصری پر دو قطرے نمبر ۱ کے اور چار قطرے نمبر ۲ کے ڈال کر کھلائیں۔ دو تین خوراک کافی ہیں۔ ہر چار گھنٹہ بعد دوائی دیں۔

نسخہ دردِ شکم مزمن (پرانا)

زرشک ۵ تولہ۔ پوست ترپھلہ ۵ تولہ۔ کیکر کے پتے ۵ تولہ۔ آلو بخارا ۱۴ دانہ املی پاؤ پختہ۔ انار دانہ ۷ تولہ۔ سرکہ پاؤ پختہ۔

پانی تین سیر ملا کر سب دوائیں بھگو رکھیں۔ روزانہ صبح ایک پاؤ پانی پلا دیا کریں۔

فوائد:۔ درد شکم۔ قبض۔ قے۔ پیاس۔ یرقان کو نافع ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔

درد معدہ

تیزاب شورہ ۶ ماشہ۔ تیل پودینہ ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ مرچ سیاہ میں ہر دو اشیا کو ڈال دیں اور کسی کھلے منہ والی شیشی میں رکھیں۔ مرچ

سیاہ جل جائے گی۔ اس کو حفاظت سے رکھیں۔
فوائد:۔ درد معدہ خواہ کیسا ہی سخت ہو۔ ایک عدد مرچ سیاہ گرم پانی سے نگل جاؤ۔ ایک منٹ میں آرام ہوگا۔

امراض معدہ یعنی پیٹ کی بیماریوں کا روحانی علاج

سوءِ مزاج معدہ
یعنی معدہ کے مزاج کی خرابی کے بیان میں

۷۶۔ سورۃ لقمان سات دفعہ پڑھنے سے سوءِ مزاج معدہ میں تقلیل ہو جاتی ہے اور اس کی مداومت امراض معدہ کا تریاق ہے۔

۷۷۔ کھانا کھاتے وقت دس دفعہ اسم مبارک مھدیؐ پڑھ لینے سے معدہ تمام ہضم کر لیتا ہے۔

وجع المعدہ یعنی درد پیٹ کے بیان میں

۷۸۔ اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو۔ تو اسم مبارک کھیٰعص سو دفعہ پانی پر دم کر کے پلایا جاوے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۹۔ ایک پرچہ کاغذ پر سورۃ الم نشرح تمام لکھی جاوے۔ اور اس کے ساتھ یا اللہ دس بار لکھا جاوے اور بعد ازاں یہ کلمات لکھے جائیں۔ اَللّٰھُمَّ فرج عبدك فلاں واضرب عنه هٰذه الشِّدَّة بحق سورة الم نشرح وبحق یا اللہ بعد ازاں اس ورق تعویذ کو مریض کے شکم پر رکھ کر باندھ دیں۔ حق تعالیٰ شفا بخشے۔

ضعف ہضم یعنی کمزوری ہاضمہ کے بیان میں

۸۰- ضعف ہضم۔ فساد ہضم بد ہضمی کمی اشتہا کے لیئے اس آیت کو پڑھے۔
وَلَکُم فِیھَا مَا تَشتَھِیہِ اِلاَّ نفسُ وَ تَلَذُّ الاَعینُ۔

ہیضہ کے بیان میں

۸۱- جب ہیضہ پھیلے تو سَلٰمٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِیمِ پانی پر دم کر کے سب کو پلاوے۔ جو پیئے گا ہیضہ سے بچا رہیگا۔
۸۲- الحفیظ مریض ہیضہ کو ہزار بار پڑھ کر دم کرے شفا پائے۔

وجع الفواد یعنی درد فم معدہ کے بیان میں

۸۳- اسم مبارک العظیم سات بار پانی پر دم کر کے پلادے۔

عطش مفرط یعنی زیادتی پیاس کے بیان میں

۸۴- معدہ میں بلغم شور کے اجتماع سے یہ مرض ہوتا ہے۔ جس کو یہ مرض ہو چینی کی پیالی پر حرف ح کو اسّی مرتبہ لکھے اور پانی سے دھو کر پلادے۔ شفا ہوگی
۸۵- ب ذ م ق واسطے ازالہ بلغم اور دفع رطوبات معدہ کے مفید ہے۔ ان حروفات کو لوح چاندی یا مسی پر کندہ کرا کر پیش سینہ آویزاں کرے۔ کہ محاذی فم معدہ کے رہے۔

باب جگر کی بیماریوں کے علاج میں

تریاق کمی خون

کاپرسائٹراس ایک تولہ۔ سم الفار سفید دو تولہ۔ فرائی کارب چالیس تولہ عرق گلاب دو بوتل میں کھرل کر کے خشک کریں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۵ گرین صبح شام دودھ کے ساتھ بعد از غذا۔

فوائد:۔ کمی خون۔ ضعف جگر۔ بھس۔ عام جسمانی کمزوری کو نافع ہے۔

پرہیز:۔ گرم اور چکنی چیزیں۔ گوشت۔ لہسن۔ پیاز۔ چائے۔ شراب۔ جماع وغیرہ سے۔

غذا:۔ شوربہ نخود۔ کدو۔ مونگ کی دال۔ دلیا۔ گندم کی روٹی۔ آش جو۔ پالک وغیرہ دیں ؛

اکسیر جگر

ریوند خطائی ۵ تولہ۔ بالچھڑ ۲ تولہ۔ سافج ہندی دو تولہ۔ شورہ قلمی ۵ تولہ نوشادر ۱ تولہ۔ کالی مرچ ۲ تولہ۔ کونین فولادی ۱ تولہ۔ افسنتین ۱ تولہ۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک سے دو ماشہ تک ہمراہ عرق مکو یا سونف صبح وشام دیں۔ یا عرق کاسنی یا ہمراہ دودھ بکری وغیرہ۔

فوائد:۔ جگر کے تمام امراض۔ ضعف جگر۔ یرقان۔ تاپ تلی۔ سوء القنیہ ملیریا بخار کے لئے عجیب الاثر ہے ؛

اکسیر مصفیٔ خون

شورہ قلمی ۸ تولہ۔ گندھک موصلی مصفےٰ ۸ تولہ۔ گیرو ۸ تولہ۔ فرار ۶ ماشہ
پہلی تین اشیا کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں۔ صاف کڑاہی کو گھی سے چپڑ کر گندھک ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گندھک تیل کی طرح ہو جائے۔ تو پارہ اُس کے اندر ڈال دیں۔ اور کسی چیز سے ہلادیں۔ پھر قلمی شورہ ڈال دیں۔ سرد ہونے پر کھرل میں باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ ہمراہ آب سرد

فوائد:۔ اول درجہ کی مصفیٔ خون دوا ہے۔ پھوڑے پھنسی۔ خارش۔ کے لیے اندرونی طور پر مستعمل ہے ؎

جگر اور معدہ کی تمام امراض کا واحد علاج

کبدون

ایکسٹریکٹ ڑیکسے سائی لیکوڈ۔ ۱ اونس۔ ایکسٹریکٹ جنشن کو۔ ۱ اونس ٹنکچر نکس وامیکا ۱ ڈرام۔ ٹنکچر کارڈیمم کو ۱ اونس۔ الیسڈ ہائیڈرو نائٹرو کلورک ڈل ۲ $\frac{1}{2}$ ڈرام۔

سب کو ایک بوتل میں ڈال کر خوب ہلادیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ڈرام ۵ تولہ پانی میں ملا کر دیں۔ دن میں تین بار بعد از غذا دیں۔

فوائد:۔ ضعف جگر۔ ورم جگر۔ درد جگر۔ عظم جگر۔ یرقان۔ حمیات کبدی نوبتی بخار۔ تاپ تلی۔ بدہضمی۔ کمی اشتہا۔ دائمی قبض۔ نفخ۔ مالیخولیا مراقی۔ بواسیر ریاحی میں مفید اور مجرب ہے جن لوگوں کو کھایا پیا نہ لگتا ہو۔ اُن کے لیئے لاجواب چیز ہے۔

نوٹ:- اگر تلی زیادہ بڑھ گئی ہو۔ پہلے ایک اونس مگنیشیا کا جلاب دے کر دوائی شروع کریں۔

امراض کبد یعنی جگر کی بیماریوں کا روحانی علاج

وجع الکبد یعنی درد جگر کے بیان میں

۸۶- درد جگر و درد دل کے لئے سورۃ مومن کو لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی میں آٹا گوندھ کر روٹی پکاوے اور خشک کر کے پیس کر روٹی رکھ چھوڑے مریض کو کھلانے سے آرام ہو جاتا ہے

۸۷- واسطے دفع ہونے درد جگر اور خفقان کے آیت الکرسی کو ایک ظرف طاہر میں تین مرتبہ لکھے۔ اور دھو کر پینے کے وقت نویت الشفاءُ من العلۃ وجع الکبد و خفقان پڑھے۔

۸۸ سورۃ الم نشرح پر اکیس ۲۱ بار دم کر کے پلائیں شفا ہو گی۔

استسقا کے بیان میں

۸۹- سورۃ قصص الانبیا لکھ کر بہتے پانی سے دھو کر پیا جائے۔

امراض الطحال یعنی تلی کی بیماریوں کا روحانی علاج

عظم الطحال یعنی تلی بڑھ جانیکے بیان میں

۹۰- کاغذ پر اسی دفعہ حرف عین پرانے سرکہ میں گھول کر پانچ دن تک پیو۔ آرام ہو گا

۹۱- بروز اتوار یا بدھ وار حسب ذیل اسماء لکھ کر سات دن پیو۔



عا ععععععععععع

عاعاعاعاعاعاعاعاحا ا هه

۹۲- کسی نیلے رنگ کے کپڑے پر لکھ کر انسان یا حیوان کو دھونی دو اسما یہ ہیں مسبب سبساب سبساب بہمتان نقوش نقاش متکسکس متکسکسان ان کانت الاصیحۃ واحدۃ فاذا ھم خامدون ہ اخمد ایھا الطحال بحق ھذہ الاسماء

۹۳ ہفتہ اور اتوار کے دن مدار کے اکیس پتے اور ایک سرکنڈہ کی لکڑی مریض لاوے- عامل ہر ایک پتے پر سورۃ مذکور الذیل ایک ایک دفعہ پڑھ کر دم کرے اور مریض ہر پتے کو تلی پر پھیرے ۔ پھر سرکنڈہ کی لکڑی بیں کو بیچ دے جب تمام پتے صرف ہو جائیں۔ تو اُس لکڑی کو مریض اپنے سامنے چھت پر لگاوے جس قدر وہ لکڑی اور پتے خشک ہوں گے مرض کم ہوگا۔ سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ناس ناس یعنی ہر ناس کے بعد دو ناس زیادہ کر کے پڑھے۔

باب آنتوں کی بیماریوں کے علاج میں

اکسیر اسہال

سیماب مصفےٰ ۔ آملہ سار مدبر ۔ رال کتھ ۔ موچرس ۔ فلفل دراز ۔ اندرجو ۔ زنجبیل ہیرا ہینگ ۔ ناگرموتھ ۔ لودھ پٹھانی ۔ بیلگری ۔ افیون ہر ایک چیز تولہ تولہ ۔ بست بیلی سلاس دو تولہ ۔

سیماب اور آملہ سار کو نصف گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے باقی چیزیں سفوف وزن کردہ ملالیں۔ اور دو گھنٹہ کے قریب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔
فوائد۔ اکثر قسم کے دستوں کو روکتا ہے۔ نیز پیچش اور سنگرہنی کو بھی فائدہ دیتا ہے۔
ترکیب استعمال:۔ جوان کو ۲ رتی۔ بچوں کو نصف رتی۔ ہمراہ آب انار ۵ تولہ۔ یا چھاچھ یا دہی یا قند سیاہ یا کھانڈ سفید استعمال کریں۔ دن میں دو دفعہ حد تین دفعہ دے سکتے ہیں۔
غذا:۔ کھچڑی مرغن۔ دہی چاول۔ شوربہ چاول۔
نوٹ:۔ پیچش اور سنگرہنی میں استعمال سے قبل مسہل دینا لازمی ہے۔

مسیحائی گولیاں

افیون۔ مصطگی رومی۔ شنگرف۔ سہاگہ ہر ایک دو ماشہ کھرل کر کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی۔
فوائد:۔ اسہال اور پیچش کو مفید ہے۔ بشرطیکہ سدہ نہ ہو۔
نوٹ:۔ غذا ہر حال میں نرم کھچڑی استعمال کرنی چاہیئے۔

فوری

سہاگہ ایک تولہ۔ شنگرف تین ماشہ۔ پوست بیخ مدار دو تولہ۔ کوڑسک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ نمک سیاہ چھ ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔
سب کو باریک پیس کر عرق سونف میں چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیرہ بادیان چھ ماشہ نبات سفید ملا کر پلا دیں۔

فوائد:- پرانے اسہال اور سنگرہنی کے لیئے لاجواب تحفہ ہے۔

نسخہ پیچش

گوند کیکر پانچ تولہ۔ کسٹرائیل ولایتی ڈیڑھ تولہ۔ تیل تارپین ڈیڑھ تولہ عرق گلاب ایک پاؤ۔

گوند کیکر باریک کر کے پھر کسٹرائیل ملا کر کھرل کریں۔ پھر تیل تارپین قطرہ قطرہ ملا کر کھرل کریں۔ جب یکجان ہو جائیں۔ تو عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ تاکہ تمام اشیا آمیز ہو جائیں تمام کو ایک شیشی میں محفوظ رکھیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال:- چار ماشہ ہمراہ شربت انجبار دن میں تین دفعہ تین دن تک بیمار کو دیں۔

فوائد پیچش کو قطعی اور کامل فائدہ کرتا ہے۔

قبض کشا گولیاں

اکثر عوارض جسمانی میں یہ گولیاں بوقت شب کھانا کھانے کے بعد سرد پانی کے ساتھ کھلا دیں۔ اور صبح کو تجویز مجوزہ پر عمل کریں

نوٹ:- تپ دق۔ سل۔ جگر۔ منہ وغیرہ سے خون آوے۔ تو نہ دیں جمال گوٹہ صاف کیا ہوا بغیر ہاتھ کے تین تولہ۔ مغز تخم کرنجوہ تین تولہ۔ کالی مرچ تین تولہ۔ سونٹھ تین تولہ۔

سب کو پانی سے باریک گھوٹ کر گولیاں بنا لو۔ اور نخود کے برابر گولیاں ہوں۔ ہمراہ پانی رات کو گولی کھلاؤ۔ دوائی ہمیشہ پہلے اس گولی سے شروع کریں۔ کسی بیماری کے معالجہ میں آپ فیل نہ ہوں گے۔

ڈبہ اطفال کی یہ اکسیر دوائی ہے ¼ حصہ گولی صبح ¼ حصہ گولی شام

پانی میں گھول کر دیدو۔ پانچ منٹ میں آرام ہوگا۔
بھگندر والے کو ایک گولی صبح ایک گولی شام چالیس یوم تک دیں۔ بھگندر خواہ کیسا ہو۔ دور ہوگا۔ معمول مطب نسخہ ہے۔

مصلح جمالگوٹہ

گوند کتیرا دو تولہ۔ گلسرخ چار تولہ سفوف بنادیں۔
ترکیب استعمال :- ایک تولہ ہمراہ شربت مصری
فوائد :- اگر جمالگوٹہ کے استعمال کے بعد اسہال بند نہ ہوں۔ دہی لسی۔ چاولوں کا اثر باطل ہو جائے۔ تو اب یہ نسخہ استعمال کرا دیں۔ دست مروڑ فوراً رک جائیں گے ؛

حبوب ملین

مصبر ایک تولہ۔ عصارہ ریوند ایک تولہ مصطگی رومی چھ ماشہ کوٹ چھان کر مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔
فوائد :- اکثر حالات میں ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔ دائمی قبض میں بھی مفید ہیں۔ اکثر بخاروں میں بھی بلا انتظار نضج استعمال کر کے فائدہ اٹھایا جاتا ہے
ترکیب استعمال :- بچوں کو ایک سے دو گولی۔ جوانوں کو چار سے آٹھ تک ان کے استعمال کا وقت شب ہے۔ سوتے وقت کھا کر بعد میں عرق بادیان یا سادہ پانی پلا دیں ؛

امراض امعاو مقعد یعنی آنتو اور دبر کی بیماریونکا روحانی علاج

قولنج کے بیان میں

۹۴- کسی ناکتخدا لڑکی کے ہاتھ سے سوت کے سات دھاگے کتوا کر اُن کا ایک دھاگا بنائے پھر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اُس دھاگے کے ساتھ اپنی ناف پر باندھے - قولنج التوائی یعنی ناف ٹلنے کے لئے بڑا اکسیر نقش ہے -


ھو	ھو
ھو	ھو

۹۵- سورۂ فاتحہ اور چاروں قل چینی کی رکابی پر لکھ کر گھول کر پئے شفا پاوے

۹۶- جو کوئی اترج کے چھلکے پر لکھ کر گلے میں ڈالے قولنج دفع ہو-

۹	۱۳	۱۶	۲
۱۵	۳	۸	۱۴
۴	۱۸	۱۱	۷
۱۲	۶	۵	۱۷

۹۷ - پانچ پیسے ہدیہ وصول کرنے کے بعد نقش کو کھال میں مڑھا کر داہنے بازو کے (ڈوے) پر باندھے شفا ہوگی-



۹۸ - اس نقش کو خوشبو میں رکھ کر چاندی کے تعویذ میں بند کرا کے داہنی کلائی پر باندھے اس نقش کا ہدیہ ایک پیسہ ہے وہ ضرور دے ورنہ فائدہ نہ ہوگا-

۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع
۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع
۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع
۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع	۹۷ ع

دیدان یعنی کرم امعا کے بیان میں

۹۹۔ دفع کدو دانہ کے لئے یوم لا ینفع مال ولا بنون تا قلب سلیم یہ آیت تین شکر دانوں پر لکھے۔ اور تین پر پڑھے یہ چھ شکر دانے روزانہ ایک ایک کھاوے۔ انشاء اللہ صحت پاوے۔

بواسیر خونی و بادی کے بیان میں

۱۰۰۔ برائے بواسیر خونی و بادی آخری چارشنبہ کو ایک چھلّہ چاندی کا بنوا کر پانی لے کر اس پر سورۃ یٰسین سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر اس چھلّے کو آگ میں گرم کرے اس پانی میں بجھا کر اسی روز داہنے ہاتھ میں پہنے۔

۱۰۱ دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ الم نشرح۔ دوسری میں الم ترکیف باصحٰب الفیل بعد سلام ستر بار کہے۔ استغفر اللہ ربّی من کلّ ذنبٍ سبحان اللہ وبحمدہٖ ربّی۔

۱۰۲ آبدست لے کر سات مرتبہ مسہ پر دم کرے۔ خواجہ عبید اللہ ترنجی تازی سواری دیوان بیابانی رحمتہ اللہ علیہ۔

باب سبز کی بیماریوں کے علاج میں

حب بواسیر خونی و بادی

مرداسنگ اصلی۔ زبد البحر (سمندر جھاگ) فلفل دراز۔ ہلیلہ سیاہ۔ کشتہ صدف مروارید ی۔ کشتہ خرمہرہ زرد۔ طوطیا ہندی۔ ہر ایک پانچ تولہ سب ادویات کو باریک پیس چھان کر آب لیموں کاغذی میں سات یوم برابر سحق

کرکے حب نخودی بنالیں۔ اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ دو گولی صبح دو گولی شام خون کی حالت میں شربت انجبار ۲ تولہ سفوف آملہ ایک ماشہ چھان کر دو گولی نگل جائیں اور بواسیر بادی میں پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

اگر مسے ہوں۔ تو عرق بادیان میں ایک گولی گھس کر رات کو مسوں پر لگایا کریں۔

فوائد:۔ بواسیر کا قلع قمع کرتی ہے۔ خون آنا بہت جلد بند ہو جاتا ہے۔ خونی و بادی مسوں والی بواسیر کے لئے بہت مفید ہے۔

کچھ عرصہ (تین ماہ) تک استعمال کرنے سے مسّے خود بخود گر جاتے ہیں۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

اکسیر بواسیر

تخم سنبیانا سی پختہ۔ پوست بندق سوختہ۔ کشتہ سفید ہر ایک تولہ تولہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کرکے شیشی میں رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ماشہ صبح ہمراہ مکھن گائے تین تولہ۔ ایک ماشہ بوقت عصر بطریق مذکور۔

فوائد:۔ ہر قسم کی بواسیر کو دور کرنے میں لاجواب ہے

نسخہ بواسیر

تخم ریٹھہ بیس عدد۔ شورہ قلمی آدھ پاؤ میں ملفوف کرکے کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کرکے دس سیر اپلے دشتی کی آگ دیں۔ اور جو کچھ اُس سے نکلے باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ تین رتی ہمراہ مکھن یا ملائی صبح شام دو ہفتہ تک استعمال کریں

فوائد:۔ بواسیر کے لئے بہت مفید اور مجرب ہے

باب گردوں کی بیماریوں کے علاج میں

اکسیر درد گردہ

شورہ قلمی دس تولہ۔ بھلاوہ ۸۰ عدد۔ قلمی شورہ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی کی مانند ہو جائے۔ تو اس میں بھلاوہ سالم ڈال دیں فوراً آگ لگ جائیگی۔ جب ایک جل جائے تو یکے بعد دیگرے ڈالتے جائیں حتی کہ تمام بھلاوے جل جائیں۔ جل شدہ قلمی شورے کو کسی آہنی توے پر الٹ دیں ٹھنڈا ہونے پر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ درد گردہ کو پہلی خوراک ہی روک دیتی ہے۔ شاذونادر ہی دوسری خوراک کی ضرورت پڑتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ماشہ ہمراہ چائے یا دودھ گرم۔

یادداشت:۔ اگر ایک رتی افیون شامل کرلیں۔ تو فوری اثر ہوتا ہے۔

درد گردہ جو ریح کی وجہ سے ہو۔ اس کے لئے اگر مندرجہ ذیل جوشاندہ کے ہمراہ ایک خوراک دے دی جائے۔ تو پندرہ منٹ کے اندر اندر درد غائب ہو جاتا ہے۔

حب قرطم کوفتہ۔ تخم کرفس تین ماشہ۔ شکر سرخ دو تولہ جوش دے کر صاف کرکے ملادیں۔

امراض کلیہ و مثانہ یعنی گردہ اور بہڑو کی امراض کا روحانی علاج

وجع الکلیہ یعنی درد گردہ کے بیان میں

۱۰۲۳ تیرہ ۱۳ دفعہ سورۃ آل عمران پڑھنے سے بیماری اور ہر قسم کے درد کے لئے

مُفید ہے ۞

حصاۃ المثانہ مثانہ میں پتھری پیدا ہونیکے بیان میں

۱۰۴ واسطے دفع تنگ مثانہ کے سورۃ الم نشرح کو پاک سیاہی سے پاک کاغذ پر لکھ کر دھو کر پیوے۔

۱۰۵- اس نقش کو گھول کر پلانا پتھری مثانہ کو مفید ہے۔

٢	٧	٦
٩	۵	١
٤	٣	٨

نام مریض کا لکھیں

احتباس بول یعنی پیشاب کے بند ہونیکے بیان میں

۱۰۶- اگر کسی شخص کا پیشاب رک گیا ہو- اور سخت تکلیف ہو- تو یہ نقش لکھ کر مریض کی بائیں ران میں باندھیں- پیشاب جاری ہو-

یا اسرافیل

٦	١١	ح ٨
ز	ه	ح
ط	۵	٣
ب	ط	ز
٢	٩	٤

[illegible]

۱۰۷ لکھ کر گلے میں باندھیں- فوراً بحکم خداوند پیشاب جاری ہوگا-
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہم یلبثوا الا ساعۃ من نہار بلاغ فھل یھلک الا القوم الفاسقون ٥

باب مردوں کی خاص بیماریوں کے علاج کے بیان میں

نقرئی

کشتہ نقرہ اعلیٰ ایک تولہ- کشتہ عقیق- کشتہ مرجان- کشتہ صدف

کشتہ یشب ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد بار دیتین ماشہ۔ سب کو کھرل کر کے خوب یکجان کر لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ رتی صبح ہمراہ مکھن ایک چھٹانک۔

فوائد:۔ دل۔ دماغ۔ جگر۔ معدہ کے ضعف کے لئے۔ نیز خفقان۔ دل دھڑکہ۔ گرمی۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ جریان۔ ضعف باہ۔ ضعف بدن۔ گردہ۔ مثانہ اور اعصاب کو مفید ہے۔

پرہیز:۔ گرم۔ ترش اور تیل والی اشیا سے۔

اکسیر باہ

سیماب مصفےٰ ساتھ ماشہ۔ قلعی مصفیٰ نو ماشہ۔ سم الفار سفید بیس ماشہ نوشادر چار ماشہ۔

سیماب اور قلعی کی گرہ بنا کر تین روز تک آب لیموں میں ڈبوئے رکھیں پھر اُس میں باقی اشیا ڈال کر آب یکصد لیموں کاغذی میں کھرل کریں جب اچھی طرح خشک ہو جائے تو خول بیضہ مرغ میں ملفوف کر کے دو سیر کی آگ دیویں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ کشتہ تیار ہے۔

فوائد:۔ باہ کو طاقت دیتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک رتی ایک چھٹانک مکھن میں سات یوم تک دیویں

نوٹ:۔ اس دوا کو نہار استعمال نہ کریں۔ بلکہ مرغن غذا کے بعد کھائیں۔

سفوف جریان

یہ نسخہ اُن مریضوں کے لئے مفید ہے جن کے اعصاب زیادتی رطوبت کی وجہ سے ڈھیلے ہو کر جریان ہونے سے مادہ منویہ خارج ہو کر طاقت مردمی کم ہو گئی ہو۔ اس کے علاوہ استرخا۔ ادھرنگ۔ لقوہ کو بھی نہایت مفید

ہے اور اُن بوڑھوں کے لئے جو چلنے پھرنے سے عاجز ہوں۔ دوبارہ جوان بنا دیتا ہے۔ خصوصاً اگر اس کے ساتھ فولاد کشتہ بھی فی خوراک ایک رتی ملا لیا جائے

قلعی مصفےٰ نو ماشہ کو پگھلا کر پارہ مصفےٰ ایک تولہ ملا کر کھرل کریں۔ میٹھا تیلیہ چار ماشہ۔ بگھاں چار ماشہ۔ مرچ سیاہ دس تولہ۔ پہلے علیحدہ علیحدہ اور پھر سب کو ملا کر ایسا کھرل کریں۔ کہ سرمہ سا ہو جائے کپڑ چھان کرکے شیشی میں ڈال کر ڈاٹ سے منہ بند کر دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک رتی مکھن۔ ملائی یا مویز منقہ دانہ نکال کر یعنی منقہ میں دیں۔

طلاء عجیب

رُوئی مصفےٰ حسب خواہش لیکر شہد میں تین دفعہ تر اور خشک کرکے اُس کو روغن زرد میں چرب کریں۔ اور پھر اُس کو کسی سیخ آہنی کے گرد لپیٹ کر آگ لگا کر نیچے کوئی چینی کی پیالی رکھ دیں۔ جو روغن اُس میں سے ٹپک کر پیالی میں گرے اُس کو محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ حشفہ اور سیون چھوڑ کر باقی جگہ مالش کرکے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ ایک ہفتہ حد دو ہفتہ تک۔

فوائد:۔ کجی۔ لاغری کو دور کرتا ہے۔

اکسیر خاص

جب کیکر کا درخت پھوٹے۔ اور پھلیاں ابھی کچّی ہوں۔ یعنی اُن میں بیج نہ پڑا ہو۔ تو ایسی پھلی ایک من پختہ توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ اور کسی کڑاہی میں ڈال کر اُس پر اتنا پانی ڈالیں۔ کہ پھلیاں بخوبی ڈوب جائیں نیچے آگ روشن کریں۔ آنچ مدہم ہو۔ جب پھلیوں کا تمام رس پانی میں آ

جائے تو کڑاہی اتار کر سرد ہونے دیں۔ پھر دونوں ہاتھوں سے پھلیوں کو مل مل کر رس نکالیں۔ اس رس کو کپڑے سے چھان کر پھر آگ پر رکھیں۔ اور نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پکتے پکتے افیون کی مانند گاڑھا ہو جائے تو اس میں تالمکھانہ ۳ تولہ۔ بھوپھلی بوٹی ۳ تولہ کشتہ قلعی ۱½ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ ملا کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ روزانہ ایک یا دو گولیاں پانی سے صبح اور شام استعمال کرائیں۔ بیس یوم متواتر استعمال سے مرض کا نام نہ رہیگا۔

فوائد۔ منی۔ مذی۔ ودی کا اخراج روکنے۔ جریان کو دور کرنے اور گردوں کو طاقت دینے کے لئے بے نظیر ہے۔ نیز پیشاب بار بار آنے کو روک کر جریان سے پیدا ہونے والے تمام عوارضات کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

کُشتہ شنگرف

شنگرف رومی ایک تولہ۔ بھلاوہ کوفتہ۔ روغن زرد۔ شہد۔ ہر ایک بیس تولہ۔ تمام ادویات کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر نیچے آگ جلانی شروع کریں۔ جب کڑاہی میں آگ لگ جاوے۔ تو نیچے آگ کم کر دیں۔

حتیٰ کہ تمام ادویات جل کر دھواں نکلنا موقوف ہو جائے۔ پھر سرد ہونے کے بعد شنگرف کو نکال کر گوشت گنجشک خانگی ایک عدد کے قیمہ میں لپیٹ کر روغن زرد میں بریاں کریں۔ اس طرح دس بار پکا کر شنگرف نکال کر پختہ کھرل میں پیسیں۔ اور ٹنکچر نکس وامیکا پانچ تولہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ اسی طرح ٹنکچر گنتھریڈس پانچ تولہ سے کھرل کریں جب خشک ہو جائے۔ باریک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں

ترکیب استعمال:۔ صبح کچھ ناشتہ کرنے کے بعد ایک رتی کشتہ

ایک چھٹانک مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں
فوائد: بیحد مقوی و محرک باہ ہے۔ اکیس یوم تک استعمال کریں ؛

اکسیر مردان

مخفی نہ رہے کہ اکسیر اور کیمیا سے دنیا خالی نہیں ہے۔ کیونکہ جس چیز کا نام ہے اُس کی اصل اور بنیاد ضرور ہے۔ چنانچہ باوجود موجود عنقا اور پارس دیکھا نہیں۔ مگر بوجہ حرص و طمع کے کہ مادر زاد ہے۔ سونا چاندی بنانے کی رغبت و ہوس مہوس کو ایسی خبط و خلجان میں ڈالتی ہے کہ تا حیات اس سے نجات پانا محال ہے ؛ بقول شخصے دو جھوٹوں میں کیمیا ہے۔ یعنی جو جانتا ہے۔ وہ انکاری اور جو نہیں جانتا وہ اقراری۔

اور اُس کے دماغ میں ایسا فتور و خلل واقع ہوا ہے۔ کہ وہ ہمیشہ یہی جانتا ہے کہ جو میں جانتا ہوں۔ وہ سچ ہے۔

یہاں تک کہ اور لوگوں کو بھی بکلف و قسم رسیلی اور دلچسپ باتوں سے دام میں لاکر شوق دلا کر مبتلائے بلا کر دیتے ہیں۔ اور بڑے بڑے دانا دھوکا و فریب کھا جاتے ہیں۔ اور دلآرام کا سا قصہ یا چینیا کا سا شکار آپ کی نہیں لو اب کی بار لگے ایک آنچ کی کسر رہ گئی۔ یہ پورا خیال ہے۔ اور اپنی کذب بیانی پر کبھی نادم و قائل نہیں ہوتے۔ اور مرغے کی ایک ٹانگ اور ڈھاک کے تین پات کہے جاتے ہیں الحاصل ایک ترکیب اس خاکسار کے دیکھنے میں آئی ہے۔

مگر ہنوز بوجہ کم توجہی اور عدم تنبیر قرار قائم النار بطور خود امتحان تجربہ میں نہیں آئی۔ سچ و دروغ کا خدا عالم و دانا ہے۔ یہ عاصی لعن طعن سے مفر اور پاک ہے۔

باعتبار دید ترکیب حوالہ قلم ہے۔ خدا اچھا کرے۔ ہونا تقدیر اور حکم خدا پر منحصر ہے۔ یہ اجرا الٰہی ہے۔

سیماب مصفےٰ قائم النار بیس تولہ۔ جست خالص دس تولہ۔ ہر دو کی گرہ بنا دیں۔ اور مذکور سے ایک پاؤ بغرض داب علیحدہ رکھیں اور دس تولہ علیحدہ کر لیں۔

اب خالص تانبہ کی کٹوری چھ ماشہ کی بنا کر علیحدہ کردہ سے چھ ماشہ ڈال کر اس پر روغن اسراری ایک بوند ڈال کر کپڑا میں ملفوف کر کے ایک کوزہ گلی میں درمیان داب کے دیکر ایک ہانڈی میں جس کے نیچے چاروں طرف سوراخ ہوں۔ تین سیر کی آگ دیں۔

یہ عمل تین بار کریں۔ اور ہر بار چھ ماشہ مرکب کا اضافہ کرتے رہیں۔ یہ چیز وزن میں دو تولہ ہو گی۔ اس کے برابر کا حملان کریں۔

تا چرخ ثالث را با رابع رساند۔

روغن اسراری

ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ کیمفر مانو بروما ئیڈ۔ سرخ کاہی۔ ایک شیشی میں محلول کر کے تیار کریں۔

طلائے سرخ

(از حکیم اللہ وسایا۔ از منڈی سکھیکی تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ)

شنگرف رومی دو تولہ۔ مغز جمال گوٹہ دو تولہ۔ سم الفار سفید تین ماشہ۔ موم سفید دو تولہ۔ مسکہ گاؤ دو تولہ۔ ریڈ بن آف یعنی ریڈ بن آیو دائیڈ مرکری ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت:۔ پہلے تمام اجزا کو باریک پیس کر مثل غبار کر لیں۔ بعد میں مسکہ شامل کر کے چار پہر خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں اور کھلے منہ کی شیشی میں حفاظت سے رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال:- دوپہر کے وقت عضو مخصوص کو کھردرا کر کے اُس پر بقدر دو رتی مالش کریں۔ یہاں تک کہ تمام دوا عضو میں جذب ہو جائے اوپر برگ پان یا ارنڈ لپیٹ کر پٹی باندھ دیں۔ اگر تکلیف زیادہ محسوس ہو۔ تو کھولدیں اور عضو کو دو تین بار گھی سے چپڑ کر صاف کر دیں۔ تاکہ دوا کا نشان نہ رہے اُسی رات کثرت سے جماع کریں۔ اور بیمار کو ہدایت کر دیں۔ کورس گیارہ تا پندرہ دن ہے۔ ہر بار طلا کے استعمال کے روز جماع کریں

فوائد:- اس طلاء کے چند روزہ استعمال سے ہر قسم کی کجی۔ کوتاہی باریکی ناہمواری۔ کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ مجلوق اور کمزور کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔

امراض خصیہ و قضیب یعنی مردوں کی خاص

بیماریوں کا روحانی علاج

سرعت انزال یعنی جلدی انزال ہونے کے بیان میں

د	ط	لہ لا	ح
صہ	عد	ھو	د
حط	ا	ع	ح
ا	حط	ھے	۷

۱۰۸- یہ نقش باطہارت لکھ کر کمر میں باندھنا امساک شدید پیدا کرتا ہے۔

احتلام یعنی خواب میں ناپاک ہونے کے بیان میں

۱۰۹- سورۃ نوح کو لکھ کر سرہانے رکھنے سے احتلام نہیں ہوتا۔

وجع الانثیین یعنی درد خصیہ کے بیان میں

۱۱۰ یہ آیت کڑوے تیل پر دم کر کے طلا کرے۔ وننزل من القرآن تا اِلّا خسارًا

ضعف باہ یعنی طاقت مردمی کے کمزور ہونے کے بیان میں

۱۱۱- یہ آیت لکھ کر کمر میں باندھے۔ قوت مردانگی زیادہ ہو۔
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کھیعص و بالحق انزلناہ و بالحق نزل۔

باب خاص عورتوں کی بیماریوں علاج میں

اکسیر مانع اسقاط حمل

مروارید ناسفتہ	گل ببول	سنگجراحت	الائچی کلاں	سونف
۱ ماشہ	۸ تولے	۲ تولے	۲ تولے	۸ تولے

کھانڈ	کوئلہ پتھر
۸ تولے	۲ تولے

پہلے مروارید کو روح کیوڑہ میں نہایت باریک پیس لیں۔ پھر تمام ادویات کو باریک کرکے وزن کرکے سفوف بنادیں۔

ترکیب استعمال:- جب حمل معلوم ہو۔ یہ سفوف شروع کریں۔ یعنی ۶ ماشہ صبح - ۶ ماشہ شام دودھ کے ساتھ کھلا دیا کریں۔ پندرہ دن استعمال کریں چھٹے ساتویں ماہ پھر پندرہ پندرہ روز استعمال کریں۔

نوٹ:- اسقاط حمل کو روکنے کے لئے دنیا لاثانی نسخہ ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے حکیم اور مریض دونوں کی آبرو رکھتا ہے۔

اکسیر زنان

برگ نیم - کچور - چاکسو - پاپڑا منڈی بوٹی - افتیموں ہر ایک ایک تولہ
مرچ سیاہ - صندل سرخ - دندن دانہ - دھمائیں سالم ہر ایک چھ ماشہ
گیرو دو تولہ - سفوف بناویں -

فوائد :- برائے بادگولہ واٹھرا وسوکڑا اطفال - جریان شیر زنان حمل ہیں -

ترکیب استعمال :- نیم دانہ نخود کے برابر اور بچوں کو نصف رتی - ایک ہفتہ تک ہمراہ آب سادہ -

اکسیر سیلان الرحم

موچرس -	کمرکس -	پنچال کبوتر صحرائی -	دانہ کھانڈ - سفوف بناویں -
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۳ تولہ

فوائد :- جریان الرحم - سیلان الرحم کو دور کرتا ہے -

ترکیب استعمال :- ۲ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ شیر گائے یا بزیا آب سادہ

نوٹ :- اس دوا کو دو ہفتہ استعمال کرنا ہے تاکہ مرض دوبارہ عود نہ کرے ۰

حب نورانی

ہڑتال ورقی - شنگرف - جائفل - جاوتری - عاقرقرحہ - دارچینی - لونگ
فلفل دراز - سنڈھ - گوگل - تخم حرمل - الائچی کلاں - چاکسو - زعفران ہرایک
تین ماشہ - افیون دو ماشہ - مشک خالص ڈیڑھ ماشہ -

ہر ایک دوائی الگ الگ باریک پیس کر کوزہ ڈنڈہ میں پانی کے ساتھ آٹھ گھنٹہ تک خوب رگڑیں - پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں -

ترکیب استعمال :- ایک ایک گولی صبح و شام چائے یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد :- احتباس۔ بے قاعدگی حیض۔ پرسوت۔ عقر۔ چھپاکی۔ سنگرہنی وجع المفاصل۔ ریح کے دردوں کو مفید ہے ؂

حیض کھولنے کا مجرب نسخہ

یہ نسخہ حکیم رانا غلام محمدؐ منڈی سکھیلی ضلع گوجرانوالہ سے حاصل ہوا۔ موصوف کے بیان کے مطابق اس سے کئی بیمار شفایاب ہو چکے ہیں۔ نسخہ اچھا معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے درج ذیل ہے۔

آب پتہ گاؤ ایک عدد۔ منقہ ایک تولہ۔ ہاؤ بیر ایک تولہ۔ سداب ایک تولہ۔ مرکی ایک تولہ۔ اُون بھیڑ بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت :- پہلے تمام ادویات کو باریک کرکے پھر آب پتہ ڈال کر یک جان کریں۔ اس کے بعد اُون بھیڑ ڈال کر اُسے خوب لت کرکے شیشہ میں بند کرکے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :- بوقت ضرورت لکڑی باریک کے ایک سرے پر صاف طریقہ سے لپیٹ کر خشک کرکے رات کے وقت فرج کے اندر رکھ دیں۔ بیمار لیٹ کر سو جائے۔ صبح کو نکال دیں۔ تین چار یوم متواتر استعمال کریں۔ کہنہ بیماری میں بعض کو ایک ہفتہ تک استعمال کی حاجت ہوتی ہے

فوائد :- حیض کو جاری کرنے کے لئے بے نظیر ہے ؂

دوائے طفلاں

طباشیر اصلی۔ دانہ الائچی کلاں۔ دارچینی۔ تروی سفید۔ پوست ہلیلہ زرد پودینہ خشک۔ انیس۔ کاکڑا سنگی۔ مگھاں۔ سہاگہ بریاں۔ گوند کتیرا

ہر ایک ایک تولہ۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔
ترکیب استعمال:۔ ۴ رتی سے ایک ماشہ تک شہد یا کسی مناسب شربت میں ملا کر اُنگلی کے ساتھ بچہ کو ٹھیر ٹھیر کر چٹاتے رہیں۔
فوائد:۔ بچوں کی کھانسی۔ بدہضمی۔ قبض۔ اسہال۔ بخار۔ قے کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے؛

حبوب مدر حیض

حکیم فتح محمد صاحب دھیر کے خورد تحصیل و ضلع گجرات
زعفران چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد ولائتی چھ ماشہ۔ ہینگ خالص ایک تولہ مُرکّی ایک تولہ۔ مصبّر ایک تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کر کے شہد کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ ہمراہ جوشاندہ گاؤزبان چھ ماشہ۔ تخم خرپزہ دو تولہ سونف ایک تولہ۔ گلقند ڈھائی تولہ ایک گولی روزانہ سات دن تک ایام حیض میں کھلائیں۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے چاند میں داغ لگنے کی تاریخوں میں استعمال کریں۔
فوائد:۔ کمی حیض اور احتباس طمث کو دور کرتا ہے؛

اکسیر بہار و اطفال

نوشادر ٹھیکری۔ توتیا سبز۔ آملہ سار۔ ہر ایک پانچ تولہ پیس کر ایک کورے مٹی کے لوٹے میں ڈال کر اُس کے منہ پر دوسرا لوٹا رکھیں۔ جن کے منہ آپس میں مل جاویں۔ اُن کے منہ پر روئی آمیختہ مٹی لگا کر خوب بند کریں۔ اور گل حکمت کر دیں۔ اور خشک کر کے دیگدان پر چڑھا کر نیچے ڈیڑھ گھنٹہ تک تیز آنچ جلا دیں۔ اگر کپاس یا سرکنڈے وغیرہ کی آگ جلائی جائے

جو دیگدان سے نکل کر لوٹے کے باہر کی طرف بھی پہنچتی رہے۔ تو اچھا ہے۔ چولھا بھی ایسا ہونا چاہیئے جس سے آگ باہر نکل سکے۔ اور کورے پیالوں میں بھی جوہر بن سکتا ہے۔ آگ سرد ہونے پر جوہر نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

یاد رہے۔ کہ اوپر والے پیالے یا لوٹے پر کپڑا تر کر کے رکھتے رہنا چاہیئے اگر پیالوں میں جوہر اڑاتا ہو۔ تو آگ درمیانہ ہونی چاہیئے۔

فوائد:- اس کے ہفتہ دو ہفتے کے استعمال سے ہی بچے کے پھوڑے پھنسیاں نابود ہو جاتی ہیں۔ ہاضمہ درست ہو کر بچہ توانا ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال:- شیر خوار بچے کو نصف چاول سے ایک چاول تک ٹھیک وزن کر کے حسب طاقت شیر والدہ میں حل کر کے پہلے اُسے شیر والدہ پلا کر دینا چاہیئے۔ شیر خوارگی کے بعد دو چاول مکھن یا ملائی میں ملا کر چٹایا جائے مگر پہلے اس کو تھوڑا سا دودھ پلا کر دیا جائے اگر مرض زیادہ اور کہنہ ہو۔ تو بچہ کی والدہ کو بھی چار چاول مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرا دیں؛

تریاق صبیان

بورہ صندل سفید۔ دارچینی۔ کچور۔ پودینہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں طباشیر۔ زیرہ سفید۔ مغز تخم کرنجوہ ہر ایک تولہ۔ تولہ۔ عود صلیب نارجیل دریائی۔ زہر مہرہ خطائی۔ مغز کنول گٹہ ہر ایک چھ ماشہ۔

سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور رُوح کیوڑہ و روح گلاب سے دو گھنٹہ خوب کھرل کر کے اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

فوائد:- بچوں کے اسہال۔ قے۔ ہیضہ۔ بدہضمی۔ دودھ الٹنا۔ کمزوری۔ سوکھا اطفال۔ ہچکی۔ سفوط لہات لاغری وغیرہ مستعمل ہے۔

بطور حفظ ماتقدم بھی مستعمل ہے۔
ترکیب استعمال:- دو رتی ۶ ق سونف میں حل کر کے صبح اور اسی قدر شام کو استعمال کریں۔
زیادہ تکلیف کی حالت میں تین چار دفعہ دی جاتی ہے۔
نوٹ:- دوا جتنی باریک ہوگی۔ سریع التاثیر ہوگی۔

امراض رحم یعنی عورتوں کی خاص بیماریوں کا روحانی علاج

عقر یعنی عورت کے بانجھ پن کے بیان میں

۱۱۲- بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرتے وقت اسم مبارک المصور اکیس دفعہ پانی پر دم کر کے پئے۔ اور اپنے شوہر سے ہم بستر ہو۔ انشا اللہ اُسے اولاد ہوگی۔

کثرت اسقاط یعنی بار بار حمل گرنے کے بیان میں

۱۱۳- جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو۔ اسم مبارک المحصی کو ستر دفعہ روزانہ پڑھ کر اُس عورت کے پیٹ پر دم کیا جاوے تو انشا اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات ہوگی۔
۱۱۴- مریض عورت کا خاوند اسم مبارک المبدی اُس عورت کے شکم پر انگلی رکھ کر انیس بار پڑھ کر دم کرے۔
۱۱۵- اگر خون اسقاط جاری ہو جائے۔ سرخ دھاگا برابر قد مریض کے لیکر اُس پر سات مرتبہ یہ اسم شریف معہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دم کرے اور ایک گرہ دیوے اور اسی طرح سات گرہ دیوے اور عورت کی کمر میں باندھے خدا کے فضل سے حمل برقرار ہووے
الصبور لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ط


عسر ولادت یعنی تنگی پیدائش کے بیان میں

۱۱۶- قند سیاہ یا خرمہ پر اذا السماء انشقت و اذنت لربها وحقت مافیها اذا الارض مدت والقت مافیها وتخلت واذنت لربها وحقت یاحی یاقیوم سات بار پڑھ کر دم کرے۔ اور عورت کو کھلاوے باذن خدا آسانی سے جنے گی۔

۱۱۷- حرف شین عورت کے دردزہ کے واسطے شرینی پر دم کرکے کھلاوے درد دور اور تولد بآسانی ہو۔

کثرت و احتباس طمث یعنی زیادتی اور بند ہونے حیض کے بیان میں

۱۱۸- کثرت طمث۔ کمی طمث و وجع طمث قیام حمل کے واسطے مصنف نے سلیمانی جادو میں تجربہ کیا ہے نیک ساعت میں علی الصبح اٹھ کر باوضو پان کے پتے پر لکھوا کر عورت کھاوے



اگر مرض تمام دور نہ ہو۔ تو دوبارہ مذکور الصدر عمل کرے۔

امراض مفاصل یعنی جوڑوں کی بیماریوں کا روحانی علاج

وجع الظہر یعنی درد پشت کے بیان میں

۱۱۹- درد پشت کے لئے یہ آیت کریمہ لکھ کر پشت پر باندھے۔ درد سے آرام ہو۔ یخرج من بین الصلب والترائب الخ سورۃ تک برحمتک

یا ارحم الراحمین ہ

وجع المفاصل یعنی جوڑوں کے درد کے بیان میں

۱۲۰- واسطے دفع اوجاع کے حروف ج ط ض کو کسی ظرف پاکیزہ پر بقلم فولاد نقش کرے۔ اور ہمیشہ اُس ظرف سے پانی پیتا رہے اور اس برتن میں کھانا ڈال کر کھاتا رہے۔ اگر صحیح المزاج اس برتن میں کھانا کھاوے تو تا زندگی درد کی شکایت نہ ہو گی۔ مجرّب ہے۔

باب ہنوں کی بیماریوں کے علاج میں

تریاق بخار

شورہ قلمی۔ نوشادر۔ جو کھار۔ فلفل دراز یا فلفل گرد۔ گیرو۔ مغز کرنجوہ ہموزن لیں۔

اول الذکر ہر سہ اشیا کو شیر مدار میں تر اور خشک کیا جاوے۔ تین دفعہ۔ پھر تمام اشیا کا سفوف بنا لیا جاوے۔

فوائد:۔ ہر قسم کے بخاروں کو اتارتا ہے۔ اور نوبتی بخاروں میں قبل از نوبت دینے سے بخار رک جاتا ہے۔ میعادی بخاروں میں ہرگز نہ دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک رتی تا دو رتی تا ایک ماشہ ہمراہ آب یا چائے دن میں دو مرتبہ صبح و شام

بصورت قبض کوئی قبض کشا دوا ہمراہ شامل کریں۔

تریاق ملیریا

پھٹکڑی سفید بریان۔ نوشادر۔ گیرو۔ مغز کرنجوہ۔ تخم دھتورہ۔ ہموزن لے کر سب کا نہایت باریک سفوف بنا دیں۔

مقدار خوراک:۔ دو سے چار رتی تک ہمراہ آب یا شربت بنفشہ یا انار ایک گھنٹہ قبل از نوبت دینے سے بخار رک جاتا ہے۔

نوٹ:۔ اگر پہلے دن بخار کو کامل طور پر شفا نہ ہو۔ تو دوسرے دن دو خوراک تین اور ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں؛

اکسیر مبارکی

لوبان کوڑیہ۔ شورہ قلمی۔ کُشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ ہڑتال۔ گئو دنتی۔ کُشتہ سنکھ۔

سب برابر وزن کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ موتی جھرا۔ چیچک۔ خسرہ کے لئے بے نظیر ہے۔ اور کمال درجہ مفید۔

ترکیب استعمال: بچوں کو ایک رتی بڑوں کو دو رتی صبح شام۔ آٹھ دن تک۔ ہمراہ جوشاندہ ذیل۔

خوب کلاں۔ تین ماشہ۔ اذخر تین ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ دارچینی ۳ ماشہ منقیٰ ۳ دانہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ گاؤزبان ۳ ماشہ۔ ملوخشک ۵ ماشہ آدھ سیر پانی میں جوش دے کر اور مل چھان کر مصری ڈال کر پئیں بچوں کو اس جوشاندہ کا نصف وزن تمام روز کافی ہے؛

اکسیر موتی جھرہ

سنکھ۔ صدف صادق۔ شاخ مرجان۔ استخوان باختہ ہر ایک تولہ تولہ کوٹ کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ نصف رتی سے ایک رتی تک صبح و شام کھانڈ میں ملا کر دیں۔

غذا:۔ دال مونگ۔ ساگو دانہ۔ دلیہ گندم وغیرہ زود ہضم۔

منافع:۔ موتی جھرہ کے ہر درجہ اور ہر حالت میں مفید ثابت ہوا ہے۔ تپ نرم رہتا ہے۔ حفاظت اور تقویت قلب کمال درجہ کی رہتی ہے۔ معدہ طاقتور ہو کر اسہال اور نفخ کا خطرہ نہیں رہتا۔ اگر اسہال جاری ہوں۔ تو جلدی بند ہو جاتے ہیں۔

سفوف کرنجوہ

(معمول فرید الحسین ظہیر الحسن مالک دواخانہ نقشبندیہ ملکوال ضلع گجرات)

یہ سفوف ہر قسم کے بخاروں کو دور کرنے میں ایک طلسماتی اثر رکھتا ہے مطب اسرار الشفا میں بکثرت مستعمل ہے۔

مغز کرنجوہ دو تولہ۔ طباشیر دو تولہ۔ دانہ الائچی خورد تین تولہ تخم کاسنی چھ ماشہ۔ تخم خرفہ سیاہ ایک تولہ۔ بورہ صندل سفید چھ ماشہ۔ ست گلو دو تولہ۔ گلسرخ چھ ماشہ۔ پیپرمنٹ ڈیڑھ تولہ۔ کالپی مصری سوا تین تولہ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے وزن کریں۔ اور آپس میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ یہ سفوف دو ماشہ صبح شام ہمراہ شربت بنفشہ

یا بدرقہ مناسب استعمال کریں۔
فوائد:۔ ہر قسم کے بخاروں کو دور کرتا ہے۔ اور میعادی بخار کو بھی تخفیف میں لاتا ہے۔ ہر قسم کے مزمن اور پیچیدہ بخار پندرہ یوم میں دور ہو جاتے ہیں ؛

ملیریا توڑ

کونین سلفاس دو ماشہ۔ تیزاب ڈائیلوٹ ڈھائی ماشہ۔ جوکھار چار ماشہ۔ عرق مکو چار تولہ۔ عرق تخم کاسنی چار تولہ۔ مگنیشیا ساڑھے تین تولہ عرق سونف پانچ تولہ۔
سب کو ایک بوتل میں تیار کر کے ڈال دیں۔
ترکیب استعمال:۔ مریض کا جب بخار اترا ہوا ہو۔ یا ہلکا سا ہو۔ تو اُس کو دودھ۔ ڈبل روٹی یا دلیا۔ یا فروٹ یا چاول وغیرہ کھلا کر دو تولہ دوائی پلائیں۔
چار گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک پھر اسی طرح پلا دیں۔
اگر مریض کو دستوں کی شکایت ہو۔ تو سالٹ نکال دیں۔
فوائد:۔ ملیریا۔ تاپ تلی۔ ضعف جگر۔ قبض کے واسطے نافع ہے

دوائے بخار

(یہ نسخہ جناب حکیم غلام رسول صاحب ساکن سوہل غزنی ضلع گجرات کا معمول ہے)
آپ بھی اس کو بنا کر فائدہ حاصل کریں۔ نسخہ واقعی اچھا ہے۔
مغز کرنجوہ دو تولہ۔ دانہ کھانڈ پانچ تولہ۔ ست گلو دو تولہ۔ طباشیر دو تولہ۔ ست اجوائن تین ماشہ۔ تمام ادویات کا سفوف بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ چار رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں دو بار۔
فوائد:۔ ملیریا بخار کو دور کرنے کے لئے نہایت اچھا ہے۔ علاوہ ازیں

دوسرے بخاروں میں بھی برعایت مزاج طبیب استعمال کرسکتا ہے۔

حب تریاق بخار

کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ ہڑتال گئو دنتی۔ ریوند عصارہ ست گلو۔ طباشیر نقرہ۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ کونین سلفاس ایک تولہ۔ مغز کرنجوہ ڈھائی تولہ۔

تمام دوائیں کوٹ چھان کر جوشاندہ مندرجۂ ذیل میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال:۔ صبح۔ دوپہر۔ شام ایک ایک گولی۔ شربت نیلوفر۔ بنفشہ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ جوشاندہ:۔ گلو خشک پانچ تولہ۔ برگ نیم۔ چرائتہ۔ مرچ سیاہ انیس ہر ایک ڈھائی تولہ سب کو نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹہ تر کر کے جوشدیں۔ جب ڈیڑھ چھٹانک رہ جائے۔ مل چھان کر اس میں ادویہ کھرل کر کے گولیاں بنالیں۔

فوائد:۔ بخار خلطی ہر قسم۔ ملیریا۔ وبائی۔ نوبتی یا روزانہ تمام اقسام کے لئے مجرب و معمول ہے۔


نوٹ:۔ یہ ایک مشہور عالم نسخہ ہے۔ جو کسی تعریف کا محتاج نہیں۔ ہم نے بغیر کشتہ جات کے بھی اس کو تیار کیا۔ بے حد موثر پایا۔ دواخانہ اسرار الشفا میں بکثرت مستعمل ہے۔

امراض حمی یعنی بخاروں کا روحانی علاج

حمی لازم

(۱۲۱)۔ یہ نقش لکھ کر سر کے نیچے رکھے چند یوم میں بخار جاتا رہیگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ۔



۱۲۲- آیات تخفیف کو لکھ کر بخار والے کو باندھیں۔

ذٰلك تخفیفٌ من ربکم ورحمۃ یرید اللّٰہ ان یخفف عنکم وخلق الانسان ضعیفاہ الاٰن خفف اللّٰہ عنکم وعلم ان فیکم ضعفاہ

۱۲۳- اس کو لکھ کر پلاوے یا کھلاوے یا دھاگے پر دم کر کے باندھ دیوے۔ خواہ جس قسم کا بخار ہو۔ حق تعالیٰ شفا بخشے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥ الٰہی بحرمت حضرت شمس الدین تبریزی این تپ بخاری بگریزی والّا نہ در گور قاضی رشوتی گرفتار شوی لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ خمی نوبتی

۱۲۴- تپ لرزہ کے لیے یہ نقش قبل از نوبت مریض کے بازو پہ باندھیں۔ اُمید ہے صحت کامل ہو۔

۸۵۰	۸۶۳	۸۶۰	۹۵۷
۸۶۱	۸۵۶	۸۵۱	۸۶۲
۸۵۵	۸۵۸	۸۶۵	۸۵۲
۸۶۴	۸۵۳	۸۵۴	۸۵۹

۱۲۵- برائے مدقوق اور مسلول۔ سل دق یہ نقش اکیس دن تک پانی میں گھول کر پلاوے۔

۷۸۶

یحبونہم	کحب	اللّٰہ	والذین
کحب اللّٰہ	والذین	اٰمنو	اشد حبًا
والذین	امنو	اشد حبًا	للّٰہ

یاکبیکج	یاکبیکج	یاکبیکج
یاکبیکج	یاکبیکج	یاکبیکج

نام مریض معہ والدہ

حمی لازم ۔ مصر کے جادو میں لکھا ہے۔ کہ پرانے تپ کے مریض کے
۱۲۶۔ گلے میں یہ نقش باندھے۔

۱۲۷۔ ایک دھاگا ہاتھ میں لے کر سورۃ یٰسین پڑھنی شروع کر دیں جب مبین آئے تو دھاگے میں ایک گرہ دے دیویں۔ حتیٰ کہ سات گرہ آ جائیں۔ پھر اس گنڈے کو مریض کے دائیں بازو پر باندھ دیں۔ ہر قسم کا بخار کافور ہو گا۔

حمی نوبتی باری کے بخار کے لیے ایک پاک ٹھیکری لے کر اس پر یا محیط لکھو
۱۲۸۔ مریض کے بائیں بازو پر باندھ دو۔ انشاءاللہ دوسرے تیسرے چوتھے دن کی باری کا بخار دور ہو گا۔ بعد صحت کچھ نیاز تقسیم کر دو۔

" لازم بیاض سلیمانی میں ہے۔ جس کو تپ آتی ہو۔ چینی کی رکابی پر یا رحمٰن
۱۲۹۔ کو لکھے اور دھو کر پیئے۔ یا پانی پر دم کر کے پلائے صحت ہو۔

نوبتی ۔ مرض تپ کے لیے المنان غفور ہاتین پرچہ کاغذ پر لکھ کر مریض کو
۱۳۰۔ نگلانا چاہیئے۔

" باری کے بخار کے واسطے بیری کی چھال پر لکھ کر سیاہ دھاگا باندھ کر
۱۳۱۔ مریض کے گلے میں باندھیں۔ بعد صحت کھول کے جاری پانی میں ڈال دیں۔ "فرعون بدریائے نیل غرق شود"

" ۱۳۲۔ باری کے لیے لکھ کر گوندے مریض کے ماتھے پر سیدھا چسپاں کریں۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْل

" ۱۳۳۔ آیت وما کان محمد ابا احد تا علیما لکھیں اور پیشانی پر چسپاں کریں یا گلے میں باندھیں۔ باری کا بخار دور ہو گا۔

-------✻-------

باظاہر بدن کی بیماریوں کے علاج میں

اکسیر بھگندر

پھٹکڑی۔ سندھور۔ مردہ سنگ۔ سنگ جراحت ہر ایک دو تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ جملہ ادویہ کو نیم کوب کر کے کسی برتن میں ڈال لیں۔ چولھے پر چڑھا کر نیچے بیری کی آگ جلا دیں۔ ایک گھنٹہ بعد ادویہ بالکل شگفتہ ہوں گی پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک ۴ رتی تا ۸ رتی ہمراہ مکھن یا ملائی دن میں ایک بار صرف

فوائد:۔ ہر قسم کے ناسور۔ گھنبیر۔ بھگندر۔ بواسیر۔ سوزاک اور پرانے ہٹیلے زخم جن سے گندی بدبودار پیپ ملا خون خارج ہوتا رہتا ہو کے لئے مفید ہے۔

اگر زخم نافذ ہو یعنی امعائے مستقیم کے اندر سوراخ ہو اور پاخانہ اس سوراخ سے بھی نکلتا ہو تو لاعلاج ہے۔ ورنہ علاج کے قابل ہے۔

طاعون

چاول دو تولہ۔ مشک۔ کافور دو ٹکیہ۔ بھیڑ کا دودھ حسب ضرورت چاولوں کو باریک کر کے مشک۔ کافور ملا کر شیر بھیڈ میں کھرل کر کے مقام ماؤف پر ضماد کریں۔ دن میں دو تین بار حسب شدت و خفت مرض یہ عمل کریں۔ درد قطع ہو کر ورم بیٹھ جائیگا

مرہم ناسور

رس کپور ایک تولہ۔ کافور دو تولہ۔ شنگرف دو تولہ۔ سفیدہ کاشغری تین تولہ کتھ تین تولہ۔ مرداسنگ دو تولہ۔ سندھور تین تولہ۔ بورک ایسڈ دو تولہ۔

آیوڈو فارم ایک تولہ۔ پوست بیخ مدار ایک تولہ۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی پانچ تولہ۔ جملہ ادویات کو باریک پیس کر دوچند ویزلین ملالیں۔ بس تیار ہے۔ زخم پر لگادیں۔
ناصور۔ گھمبیر۔ بھگندر۔ ہر قسم کے عسر الیبر قروح خبیثہ۔ پرانے زخم جو بہت عرصہ کے ہوں۔ اس سے تندرست ہوگئے ہیں۔ نہایت مفید اور مجرب مرہم ہے۔

مرہم اکسیر خنازیر

نیلا تھوتھا۔ مرچ سیاہ۔ برگ حنا مساوی الوزن یکہ خوب باریک پیس لیں۔ پھر مکھن سہ چند ادویات مذکورہ بالا سے لے کر پانی سے ایک سو بار دھو کر خوب ملالیں۔ تاکہ مرہم تیار ہو جائے اس کو ایک ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال:۔ حسب دستور باریک کپڑے کے پھاہہ پر لگا کر زخم پر لگادیں جب اتر جائے دوبارہ لگادیں۔
اگر زخم نہ ہوں۔ صرف گلٹیاں ہوں۔ تو اُن پر پچھنے لگا کر بدستور مذکورہ یہ مرہم لگادیں اگر زخم زیادہ گندے ہوں تو اُن کو پہلے دیسی یا انگریزی ادویات سے صاف کر کے لگائیں زیادہ سے زیادہ کورس اس دوا کے لگنے کا ایک ماہ ہے لیکن اکثر مرتبہ جلد صحت ہو جاتی ہے

مار گزیدہ

رسوب کلاہ حقہ دو تولہ۔ قند سیاہ کہنہ دو تولہ ہر دو کو ملا کر کوٹ لیں اور ٹکیہ بنا لیں۔ پھر مقام گزیدگی پر ٹکیہ کو باندھ دیں۔ پانی جاری ہو جائیگا۔ جب پانی بہنا ختم ہو جائے۔ ایک دفعہ پھر یہ عمل کریں خدا کے فضل سے صحت حاصل ہو۔

مرہم گل

تخم ہرمل چار تولہ۔ زنجبیل ایکتولہ۔ نیلا تھوتھا تین ماشہ اول تخم ہرمل اور

زنجبیل کو توا آہنی پر رکھ کر جلا لیں۔ اس کے بعد نیلا تھوتھا شامل کر کے روغن سرسوں اس قدر ملا دیں کہ مرہم کی صورت اختیار کر لے۔ اور اس کو دو گھنٹہ تک سحق کریں۔ بس تیار ہے۔

فوائد:۔ ہر قسم کے زخموں کو مندمل کرنے میں لاجواب چیز ہے ٭

ترکیب استعمال:۔ اس کو قدرے نیم گرم کر کے کپڑے پر چپیاں کر کے زخم پر باندھ دیں۔ اور ایک دن میں دو تین دفعہ یہ عمل کریں۔ مگر ہر بار زخم کو صاف کر لینا ضروری ہے اس سلسلہ میں میرا معمول یہ ہے کہ پرمیگنیٹ (لال دوائی) کو گرم پانی میں حل کر کے زخم کو دھویا جاوے۔ اگر یہ نہ مل سکے تو اسی طرح ایکری فلیوین کو پانی میں حل کر کے عمل کیا جاوے ٭

اورام وثبور یعنی ورم اور پھوڑوں کا روحانی علاج

اورام المغابن یعنی کچھرالی اور دودھ کے بیان میں

۱۳۴۔ مندرجہ ذیل منتر تین مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کریں چندری اور کچھرالی کو نافع ہے۔

انروار یا مولا۔ ہندی بھی اکتفا عیسیٰ سولہ پرتی بلی چندری پھوک ماریاں ٹر جاوے

۱۳۵۔ جو شخص دفع پھوڑہ پھنسی کے لئے سورۃ والم (الم) الٹ حرفاً لکھ کر اپنے پاس رکھے پھوڑہ پھنسی طاعون وغیرہ سے نجات پاوے ٭

متفرقات میں

جذام یعنی کوہڑ کے بیان میں

۱۳۶۔ اگر کوئی مریض مجذوم یا مبروص ہو۔ تو وہ چاندنی راتوں کے روزے رکھے

اور افطار کے وقت اسم مبارک المجیب ایک ہزار بار پانی پر دم کر کے پیا کرے انشاء اللہ صحت یاب ہوگا۔

۱۳۷۔ سورۃ الطور ہر شب کو تین دفعہ پڑھے۔ جذام دور ہو ؎

برص یعنی پھلبہری کے بیان میں

۱۳۸۔ سورۃ لم یکن الذین کفروا لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے مرض برص دور ہوگا۔
۱۳۹۔ مبروص اور مجذوم کے لیئے چالیس روز پانی پر دم کر کے پلائی جائے۔
لا الٰہ الا اللہ العلی العظیم۔ لا الٰہ الا اللہ الحی القیوم۔ لا الٰہ الا اللہ الواسع الرحیم۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ لا الٰہ الا اللہ ملک یوم الدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین۔ اللھم صل علی النبی الامی برحمتک یا ارحم الراحمین ٥۔

طاعون کے بیان میں

۱۴۰۔ سورۃ فاتحہ بوصل تسمیہ اکتالیس بار پڑھ کر مقام ماؤف پر دم کریں۔
۱۴۱۔ بلاناغہ صبح اور شام دس دس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے والا طاعون سے محفوظ رہتا ہے۔

خوردن زہر و گزیدن حیوانات کے بیان میں

۱۴۲ اگر کھانا کھانے کے وقت تین دفعہ سورۃ قریش کو پڑھا جاوے۔ تو زہر کا اثر نہ ہوگا۔ زہر خوردہ کو اگر پانی پر دم کر کے پلایا جاوے تو زہر کا اثر دور ہوگا۔

عقرب گزیدہ یعنی بچھو کے کاٹے کے بیان میں

۱۴۳۔ اگر صراط علی حق نمسکہ چینی کی پیالی میں لکھ کر پانی سے دھو کر پلاوے درد دور ہوگا
۱۴۴۔ عقرب گزیدہ کا جبیں سے الٹا ایک تک آنا زہر کو دور کرتا ہے۔
۱۴۵۔ اسم پاک الواسع ستر مرتبہ پڑھ کر عقرب گزیدہ کو دم کرے۔

مار گزیدہ یعنی سانپ کے کاٹے کے بیان میں

۱۴۶۔ جو شخص ایک سو مرتبہ الواحد الاحد پڑھ کر مار گزیدہ پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جاوے۔

کلب گزیدہ یعنی کتے کے کاٹے کے بیان میں

۱۴۷۔ اگر اسم مبارک ٹکٹی ہزار بار پڑھ کر دم کیا جاوے۔ شفا حاصل ہو۔

جرب الاجفان

برگ پودینہ خشک ایک تولہ۔ افیون ایک ماشہ۔ پھٹکڑی سفید ایک تولہ عرق گلاب حسب ضرورت۔ مٹی کے دو پیالے جن کے کنارے آپس میں منطبق ہو سکیں دو عدد

ترکیب ساخت:۔ پیالہ میں نصف برگ پودینہ بچھا کر اوپر افیون رکھ دیں اور اُس پر پھر برگ پودینہ بقایا رکھ کر دوسرا پیالہ اوپر دے کر مٹی سے اُس کے لب بند کر کے دو تھاپیوں کی اُس کے نیچے آگ لگا دیں۔ جب پتے جل جائیں۔ افیون مائل بسرخی برآمد ہو گی پھر پھٹکڑی میں افیون ملا کر عرق گلاب میں کھرل کر کے بقاعدہ مذکور دوبارہ آنچ دیں۔ پھٹکڑی شگفتہ ہو گی۔ باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال:۔ بچوں کی آنکھ میں بوقت شب ڈال کر پٹی باندھ دیں۔ تین یوم میں شفا ہو گی۔

فائدہ:۔ ککروں کے لئے عجیب النفع ہے۔

ضروری اعلان

حضرات شیعہ کی طرف سے کتاب ابطال نخواہیت شائع ہوئی جس میں اُس کے مصنف نے حضور علیہ السلام کی صرف ایک ہی صاحبزادی ثابت کرنے کے لئے چونتیس دلائل دیئے۔

ہم نے اُس کتاب کا دندان شکن جواب بصورت کتاب گلزار ہدایت شائع کیا۔ اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی چار صاحبزادیاں ہونے کا ثبوت قرآن مجید۔ حدیث پاک اور کتب شیعہ سے دے کر انجمن اتحاد المسلمین کی طرف سے مذہب شیعہ کے مبلغین کو مبلغ ایک ہزار روپیہ انعام دینے کا اعلان کیا۔ آج تک کسی شیعہ کو نہ ہی جواب کی ہمت ہوئی۔ اور نہ ہی مذہب شیعہ کی صداقت ثابت کر کے انعام حاصل کر سکے جس قدر نسخے مطلوب ہوں آج ہی آرڈر دے کر طلب کریں۔ قیمت فی نسخہ ۵ آنہ

ملنے کا پتہ

ناظم دواخانہ اسرار الشفاء چھوکر کلاں ضلع گجرات

(پیر محمد زمان کاتب جاموں بولہ ضلع گجرات)